اگر دشمن بہی دیکہے تو مہربان ہو جاوے مجرب ہے دیگر آنکہہ غلیواز یعنی چیل کی یوم یکشنبہ کو لاوے
اور باریک پیسکر اوسمین زعفران و مشک ملاکر پاس اپنے رکہے جسکسیکو کہلاوے محبت ہو جاوے دیگر
الک لک یعنی پنگلا روز شنبہ کو بسمل کرکے سوختہ کرے اور بالکل خاک اوسکی کسی چیز خوردنی مین ملاکر
عورت خرد کو یا مرد عورت کو کہلاوے محبت ہو جاوے دیگر منتر سوئی گڑ دلینی کا چاہیئے کہ اس منتر کو شب
دیوالی یا ہولی مین ایکسو ایکبار پڑہ کر اور دہونی لوبان کی دے بعد ازان جب کبہی ضرورت ہو سات
مرتبہ منتر ہذا کو پڑہ کے دم کرے سوئی آہنی پختہ گوشت مین خلیدہ کرے خون نہ نکلے گا

تکلیف بھی نہو گی منتر یہ ہے دہار دہار مہا دہار دہار باندہون سات بار پانی باندہون تین بار بیری
سنکٹ گرو کی شکت پہر منتر ایشر دباچ دوہائی گرو گورکہ ناتہہ کی چہو مجرب بلکہ آزمودہ خود ہے
دیگر باندہنا گرگ کا اگر کسی راہ جنگل مین گرگ ملجاوے آکر پہنچے ہرگز ایذا نپہنچاوے منتر یہ ہے باگہ باندہون
باگہاین باندہون باگہ کے ساتون بچے باندہون راہ گہات میدان باندہون دوہائی باسدیو کی دہوئی لونا چماری
کی چہو یہ پان اور دہوپ ملا کر آگ پر رکہی اور سات ہفتہ سات بار ہر شنبہ کو پڑہنا ہے وقت احتیاج کے
کام آوے دیگر اگر کسیکو کہانا نہ ہضم ہوا ہو اور گرانی سے درد شکم یا حیرانی ہو تو گیارہ بار اس افسونکو
بائین ہاتہہ پر دم کرے اور وہی ہاتہہ شکم پر پہیرے فوراً گرانی یا درد رفع ہوجاوے افسون یہ ہے
اجیا ہتہہ بجر ہاتہہ بہسم کرے سب پیٹ کا بات دوہائی حضرت شاہ قطب عالم پنڈوا کی چہو مجرب ہے
دیگر واسطے دفع درد نیم سر کے پہلے تو چند جمعرات کو ایک سو ایک مرتبہ پڑہے اور لوبان
آگ پر ڈالتا جاوے تب عملین ہوگا اور وقت ضرورت کے سات مرتبہ پڑہکر سر پر دم کرے
اور سر کو اپنے ہاتہہ سے پکڑے رہے جہان درد ہو منتر یہ ہے بن مین بہا بندری آدہا بیل کہا گئے
گہر سے محمد ہانک دے آدہا سیسی جا ۔ دیگر واسطے بواسیر کے خواہ خونی ہو خواہ بادی بموجب حکم جنید بغدادی
آبدست لیوے حکم خدا سے صحت پاویگا آزمودہ اور مجرب ہے منتر یہ ہے خراسانی بہینی شاہ خونی بادی
دونو جائین ۔ دیگر اگر کسیکو درد دانتون مین معلوم ہو تو بروقت منہ دہونے کے یہ منتر پڑہکر
پانی سے کلی کرے اچہا ہوجاویگا منتر یہ ہے ہم اکسیر ہم بتیس ہیرے تہرے کونسی ریش ہم
کہائین تم بیٹہے کہاؤ مرت کی بربا سنگہے جاؤ ۔ دیگر واسطے حصول روزی کے مجرب ہے
اشنان کرکے روز پڑہے منتر یہ ہے کالی کنکالی مہا کالی مرے لبند جہتے بیالی
چار بیر بہیرون چوراسی تب تو پوجون پان مٹہائی اب بولو کالی کی دوہائی ۔ دیگر
واسطے دور کرنے پہلی آنکہہ کے یہ منتر بہت مجرب ہے اکیس بار پڑہے اور
چاقو سے زمین پر لکیرین کرتا جاوے چند روز مین پہلی کٹ جاوے گی منتر یہ ہے آو ترکول
کا چہہ سن جوگی کی بانچہ اسماعیل جوگی کے دو بیٹے ایک پاسنے چولہا اور ایک [illegible] پہلی کا کاچہ
پہلی کا کاچہ جہو ۔ دیگر واسطے عارضہ پسلی کے کہ اکثر لڑکونکو ہوجاتا ہے دیوالی
یا ہولی یا جمعہ روز پڑہے اوس روز ایک سو ایک مرتبہ پاک اور صاف ہو کر پڑہے

اور لوبان آگ یا چلد ستی مین ڈالتا جاے تب عمل مین ہوگا وقت ضرورت کے لکڑی رام سر
اور سات سینکین کوری سات سات انگل نا پکے کاٹ سکے اور بعد اوسکے اوس
منتر کو سات مرتبہ پڑہے اور دو نو چیزون سے پہاڑے دونو چیزین ٹوٹ جائینگی جب
عارضہ دفع ہوجایگا تب بدستور موافق انداز کے رہینگے منتر یہ ہے سمندر کے کنارے سُرہ گا
سُرہ گا کے پیٹ یا چیا یا چیا کے پیٹ مین کلیجہ کلیجہ کے پیٹ مین ڈب ڈب سے گئے
کھر ٹر ہے دوہائی لونا چماری کی جیو دیگر واسطے لو اسیر کے اکسیر ہے کا کاکرتا کرو کرتا جو کرتا
سو ہوئے جو سنار سی ہی ہے پر گئے بتہا دور کیون نہوے دوا دس پاٹ کرے جو
کوئی خوبی یادی لیبی سعی الیشر یا جا ہیا ہیر کا سنہ سا نجا

فصل دوسری اسماء معظم کے بیان مین

واسطے حب کے بے نظیر ہے چاہیے کہ روز سہ شنبہ کو سات مرتبہ آیت شریفہ نمک پر پڑہکر
آگ پر ڈالے اور نام اپنا مع والدہ و نام مطلوب مع والدہ زبان پر لاوے اسم یہ ہے
قل علیہا الدین تو عدون دیگر واسطے حب کے یہ دعا اکیس بار مرچ سیاہ پر پڑہکر دم کر
آگ مین چھوڑے سہ شنبہ اول سے سہ شنبہ سوم تک یہ عمل کرے مطلوب حاضر ہوجایگا یہ ہے فانہ
عَلٰی ذٰلِکَ لَشَہِیۡدٌ وَاِنَّہٗ لِحُبِّ الۡخَیۡرِ لَشَدِیۡدٌ
فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان ساتھ عمل کے کہتا جاے دیگر واسطے حب کی چاہیے کہ روز
پنجشنبہ پڑہنا اختیار کرے اور چار شنبہ سے پڑہے انشاء اللہ جس کسیکو چاہے مطیع ہوجاوے
اسم یہ ہے یا مقلب القلوب و الابصار تو خلیفہ اولیا موافق عدد اسم مطلوب کے پڑہے دیگر اگر کوئی شخص چاہے کہ فلان
شخص عاشق ہو جاوے اوسپر یا منگل کو ایک لکڑی انجیر کی اور مادہ سگ کو اوس لکڑی سے مارے پھر اوس
لکڑی کو جلا دے جبکہ یہ لکڑی راکھ ہو جاوے تو اوسے شراب مین اوس راکھ کی گولیان بنا دے اور بروز ہفتہ کو رنگ
کھلا جس عورت کو چاہے ہمارے عورت فریفتہ ہوگی دیگر اگر چاہے کہ کسیکو مسخر و مبتلا ئے محبت کرے یہ دعا تو چندی
جمعرات کو ایکسو اکیس مرتبہ پڑہے اور لوبان سے دہونی دے اور خوشبوئیات مثل عطر و گل خوشبو دار
وغیرہ کے پاس رکھے اگر سات مرتبہ پہول خوشبودار پر دم کرکے جس کسیکو سونگھا دے فریفتہ ہوجاے اور اگر حاکم
ظالم یا دشمن کے پاس جاوے تو تین مرتبہ پڑہکر اپنے اوپر دم کرے مہربان ہوجاوے اور اگر سات مرتبہ شیر غلہ پر دم کرکے

کملا دیو فرلغیتہ اوس شخص پر ہو دعا یہ ہے اہیا اشراہیا اجلیونی واعشونی بامریکم یحق الوہ ہنکیور شناشین
باذن اللہ کرسی طمنیلی ملنہ جو گنتی عواری عماری مشتاری ہاسر یوہ سلیمان کشمیری یحق اہیہ اوہیہ بحق التوریت
والانجیل والزبور والفرقان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیگر واسطے ہر مہم کے خصوصاً فراخی رزق یا محبت
یا وسعت رزق کے اس دعا کو بعد نماز عشاء کے ایکہزار ایکسو گیارہ مرتبہ مع اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف
کے پڑھے اور خوشبو بھی جلاوے اور وقت پڑھنے اس دعا کو اس امر کا خیال کرے کہ جناب باری بوسیلہ فرشتوں کے میری عرض حضرت
غوث پاک تک پہونچاویگا ورنہ سوا ذات علام الغیوب کے کوئی کسیکو کسی آفت سے بچا نہیں سکتا اور نہ رتبہ حاضر
و ناظر کا کسیکو حاصل ہے دعا یہ ہے یا حضرت شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ دیگر اگر وقت تکلیف جننے کے
یہ دعا لکھ کر عورت میں لیمان سے باندھے فی الحال بلا محنت و تکلیف بچہ پیدا ہو جاوے ولیکن بعد فراغت
تعویذ بعد الولد کھولدالے ورنہ جو کچھ کہ پیٹ میں ہوگا گر پڑیگا دعا یہ ہے السکل لحا سکول لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم
دھیان علی میں لانا دیگر اگر کسی کی دیوار شق ہو گئی ہو اور شک گر جانیکا ہو وے تو یہ دعا لکھ کر دیوار
پر چسپاں کرے جب تک یہ پرچہ دیوار پر رہیگا ہرگز نہ گریگی دعا یہ ہے بحق شاہ دیو وفنکرخی + بجانہ سالما دیوار
ترقی ہو بعد ازاں کچھ برکات دیکھیو دیگر نقل ہے امام ناطق جعفر صادق سے کہ جو عورت سورۂ نون کو زعفران سے لکھکر
اپنے پاس رکھے جلد حاملہ ہو جاوے دیگر اس دعا میں یہ تاثیر ہے کہ عورت پاس رکھنے میں حاملہ ہو لکھکر باندھے تو
جلد باردار ہو جاوے مگر جمعرات کو لوبان سے دھونی دیکر عمل کرنا واجب ہے اور وہ دعا یہ ہے ہو ہو ہو
ہو ہو ہو ہو ہو اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ حی حی حی حی حی حی حی قیوم قیوم قیوم
قیوم قیوم قیوم قیوم صلی اللہ تعالی علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین دیگر زیادتی دودھ کی یہ آیت
تین مرتبہ نمک پر پڑھکر دم کرے اور عورتکو کسی غذا میں کہلاوے بفضل الفضال فضل وعدہ سے دودھ زیادہ ہوگا کہ جاب
تریاق مجرب ہے اور آیت سورۂ بقرہ میں ہے دعا یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم مثل الذین ینفقون اموالہم فی
سبیل اللہ کمثل حبۃ انبتت سبع سنابل فی کل سنبلۃ مائۃ حبۃ
واللہ یضعف لمن یشاء واللہ واسع علیم
دیگر اگر یہ اسم اعظم وقت نیم شب کی ہر روز پڑھے فتوح غیب ہو اول بسم اللہ گیارہ مرتبہ پڑھے بعد ازاں اسم
یا عزیز ایکہزار ایکسو مرتبہ پڑھکر گیارہ دفعہ یا رحیم یا کریم ورد زبان کرے اگر ایک چلہ بطہارت عمل میں
لاوے عامل ہو جاوے دیگر واسطے فراغت معاش کے اگر ہر شب کو اسم غفور

ہر ستہ جہتہ میرے تعویذ نہ اگر دھونی دیں اور آیت مشغول نام موکل العقید تعداد مذکور پڑھنا شروع کرے اور ایک ہفتہ تک انتظار کرے

طلسم تیسرا اور یہ چار فصل پر منقسم ہے

طلسم ہم ہے رشک طلسمات + لکھی ہیں فالنامہ اور شگونات + بیان خواب و احکام سرودہ + شگون بجلی و زاغ و عطسہ + **فصل پہلی فالناموں کی بیان میں** یہ فالنامہ حضرت خواجہ خضر علیہ السلام سے بہت صحیح اور درست بلکہ صحیح آزمایا مطابق شنیل کے امتحان میں موافقت میں مجرب پایا ناظرین طریقت امین درستی حقیقت میں یہ واضح ہو کہ عدد نام معروف سائل کے بحساب ابجد لیکر مع اعداد یوم جسمیں کہ سوال کیا ہو جمع کرے اور بموجب قاعدہ کی طرح دے بعدہ جو کچھ جواب سوال کا دریافت ہو عدد اسکو حاضر اور ناظر اور عالم الغیب جانکے حسب مطلب کے حکم کرے انشاء اللہ علم فال اصلا خطا نکریگا موافق شنی کو مطابق آئیگا لہذا بہتر اعداد حروف بقاعدہ جمل کہ اس سے اکثر مطلب برادی مثل تاریخ گوئی کے مقصود ہے واسطے فائدہ خاص و عام کے ارقام ہوے

ا ۱ ب ۲ ج ۳ د ۴ ہ ۵ و ۶ ز ۷ ح ۸ ط ۹ ی ۱۰ ک ۲۰ ل ۳۰ م ۴۰ ن ۵۰ س ۶۰ ع ۷۰ ف ۸۰ ص ۹۰ ق ۱۰۰ ر ۲۰۰ ش ۳۰۰ ت ۴۰۰ ث ۵۰۰ خ ۶۰۰ ذ ۷۰۰ ض ۸۰۰ ظ ۹۰۰ غ ۱۰۰۰

اعداد ہر یوم کے جو کہ سبعہ سیارے کہلاتے ہیں شنبہ یکشنبہ دوشنبہ سہ شنبہ چہارشنبہ پنجشنبہ اور جمعہ —

سوال الف اگر کوئی سوال کرے کہ فلاں شخص غائب ہے پھر آویگا یا نہیں چاہیے کہ نام سائل کا مع نام اوس روز کے بحساب ابجد شمار کرکے جمع کرے اور تین جگہ طرح دے اگر باقی ایک رہے غائب بخوشی بخیر ہے اور اگر دو رہیں مردہ تصور کریں اگر تین رہیں غائب درمیان راہ کے ہے **الضاً ۳** اگر سائل پوچھے کہ فلاں عورت و مرد میں پہلے کون مریگا نام شوہر اور عورت کا بحساب ابجد جمع کرکے دو جگہ طرح دے اگر ایک باقی رہے پیشتر عورت مرجاے اور اگر دو رہیں مرد **الضاً ۴** اگر سائل پوچھے کہ غائب کس طرف کو گیا ہے اعداد نام غائب اور اعداد نام ماہ و سر روز کو جمع کرکے چار جگہ طرح دے اگر ایک باقی رہے غائب سمت مشرق اور اگر دو رہیں طرف مغرب اگر تین رہیں بجانب شمال اگر چار رہیں طرف جنوب کو گیا ہے **الضاً ۵** اگر سائل پوچھے کہ فلاں عورت حاملہ ہے لڑکا پیدا ہوگا یا لڑکی چاہیے کہ نام حاملہ مع نام اور روز کے بحساب جمل جمع کرکے تین جگہ طرح دے اگر ایک رہے فرزند پیدا ہو اگر دو رہیں دختر اگر تین رہیں لڑکا پیدا ہوکر مرجاے یا حمل خام گرجاے **الضاً ۶** اگر سائل پوچھے کہ فلاں شخص کس علت میں مبتلا ہے نام مریض مع نام روز کے بحساب ابجد جمع کرکے چار جگہ طرح دے اگر ایک رہے علت گرمی کی ہے اگر دو رہیں علت سردی و بلغم و فساد خون متصور کرے اگر تین رہیں سایہ دیو و پری وغیرہ کا سمجھے

اگر چار رہین سحر و جادو مین مبتلا ہی **ایضاً ۷** - اگر کوئی سوال کرے کہ مریض صحت پاویگا یا نہین جائیگا یا مر جائیگا
عدد حروف اسم ریخور مع اعداد اوس روز کے جمع کر کے تین جگہ طرح دی اگر ایک باقی رہی بیمار مر جائیگا
اگر دو بچین صحت ہو اگر تین بچین بیماری زیادہ ہو **ایضاً ۸** - اگر سائل پوچھے کہ ارادہ سفر کا
رکہتا ہون نیک ہی یا بد چاہیے کہ اعداد نام مع اعداد اوس روز کے جمع کر کے تین جگہ طرح دے
اگر ایک رہے سفر نیک ہے اگر باقی دو رہین سفر با فائدہ و با نفع ظہور مین آوے اور بعد خوبی
ہے با خوشی و خرمی سفر سے پہر آوے اگر تین رہین مسافرت کثیر درپیش ہو اور سفر مین
عرصہ ہو **ایضاً ۹** - اگر سائل پوچھے کہ اس تجارت مین نفع حاصل ہوگا یا نقصان
تو اعداد نام سائل مع اوس یوم کے جمع کر کے تین جگہ طرح دے اگر ایک باقی رہے
نقصان اوٹھاوے اگر دو رہین منافع پاوین اگر تین رہین ہمراہیان سے خوف ہے
ایضاً ۱۰ - اگر سائل سوال کرے کہ مال میرا گم ہو گیا ہے ملیگا یا نہین اعداد نام سائل مع
اعداد روز کے جمع کر کے دو جگہ طرح دی اگر ایک رہے مال نہ ملیگا اگر دو رہین ملجائیگا **ایضاً ۱۱**
اگر کوئی پوچھے عورت کو حمل ہی یا نہ این تو اعداد حروف نام عورت مع اعداد یوم جمع کر کر دو جگہ طرح دی اگر ایک
رہے حمل نہین ہی اگر دو رہین حمل بیشک ہی **ایضاً ۱۲** - اگر سائل پوچھے کہ فلان شخص مجھے دوست سمجھتا ہی یا نہین
اعداد نام سائل مع اعداد روز جمع کریں اور چار جگہ طرح دی اگر ایک باقی رہی وہ شخص دشمن جانتا ہی اگر دو رہین
دوست اگر تین رہین دوست زبانی ہی اگر چار بچین تو دوست سمجھتا ہی نہ دشمن **ایضاً ۱۳** - اگر سوال
کرے کہ فلان عورت مجھسے محبت رکھتی ہے یا نہین تو اسطرح اعداد اسم سائل و اعداد آروز جمع کر کے تین جگہ
طرح دی اگر ایک رہی اپنی شوہر کو دوست رکھتی ہی اگر دو رہین عفت کو عزیز جانتی ہی اگر تین رہین مرد غیر کو
چاہتی ہے **ایضاً ۱۴** - اگر سائل پوچھے کہ فلان عورت سے نکاح چاہتا ہون بہتر ہے یا بد
چاہیے کہ اعداد اسم عورت مع اعداد یوم جمع کرے اور تین جگہ طرح دے اگر ایک رہے نکاح
سزاوار ہو اگر دو رہین خوب نہین اگر تین رہین بعد عرصہ کے سزاوار ہو **ایضاً**
۱۵ - اگر سائل پوچھے کہ فلان شخص مجھسے خصومت رکھتا ہے اوسپر ظفریاب ہونگا
یا نہین بحساب ابجد اعداد نام سائل اور اعداد اسم رنجور جمع کر کے دو جگہ طرح دی اگر ایک رہی دشمن پر
ظفریاب ہو اگر دو رہین دشمن بالا ظفریاب ہو **ایضاً ۱۶** - اگر سائل پوچھے کہ فلان شخص یہ خبر لایا ہی راست ہی

یا دروغ اعداد نام سائل اور اعداد اوس یوم کو جمع کرکے دو جگہ طرح دے اگر ایک رہے خبر باطل ہے اگر دو رہین تو صحیح سمجھنا چاہیے **ایضاً ١٧** - اگر سائل پوچھے فلان حاجت رکھتا ہون بر آویگی یا نہین اعداد نام سائل اور عدد یوم کے جمع کرکے تین جگہ طرح دے اگر ایک رہے حاجت روا ہو اگر دو رہین دیر مین ہو اگر تین رہین جلد حاجت بر آویگی **ایضاً ١٨** - اگر سائل پوچھے کہ فلان شخص نوکری چاہتا ہے کیا اور کیسا ہوگا نام اوس شخص کا مع نام اوس روز کے جمع کرکے دو جگہ طرح دے اگر ایک رہے نوکر وفادار و کارگذار ہوگا اگر دو رہین نوکر بیوفا اور سست کار ہو **ایضاً ١٩** - اگر سائل پوچھے کہ چیز چوری گئی ہے چور عورت ہی یا مرد چاہیے کہ اعداد نام سائل مع اعداد اوس یوم کے جمع کرکے دو جگہ طرح دے اگر ایک رہے چور مرد ہی اگر دو رہین عورت **ایضاً ٢٠** - اگر سائل پوچھے کہ چور خانگی ہے یا غیر ہے چاہیے کہ اعداد نام سائل مع اعداد روز جمع کرکے تین جگہ طرح دے اگر ایک رہے دزد ہمسایہ تصور کرے اگر دو رہین کوئی شخص اوسی گھر کا ہی اگر تین رہین شخص غیر نے مال چرایا ہوگا **ایضاً** اگر سائل پوچھے کہ امسال بارش خوب ہوگی یا نہین اعداد نام سائل و اعداد یوم سوال جمع کرکے تین جگہ طرح دے اگر ایک رہے بارش کم ہو اگر دو رہین بارش اچھی ہو اگر تین رہین خشک سالی متصور ہے **ایضاً ٢٢** - اگر سائل پوچھے کہ آج پانی برسیگا یا نہین تو اعداد اسم سائل با اعداد روز شنبہ کو جمع کرکے چار جگہ طرح دے اگر ایک رہے اوسی روز بارش ہو اگر دو رہین ہرگز نہ برسے گا اور اگر تین رہین تو اندک بارش ہو اگر چار رہین کہین کہین برسے **ایضاً ٢٣** - اگر سائل پوچھے کہ فلانی جگہ عمارت بنانا چاہتا ہون بنواؤن یا نہین تو چاہیے کہ نام سائل مع نام اوس روز کے جمع کرکے چارگان طرح دے اگر ایک باقی رہے عمارت بنانی بہتر ہے اور دو رہین تو بخیل اور بد ہے اگر تین رہین آغاز بہتر اور انجام بد ہی اگر چار رہین بہت نیک اور سعید ہی **ایضاً ٢٤** - اگر سائل سوال کرے کہ مجھے کس جانب کا سفر فائدہ مند ہوگا چاہیے کہ اعداد نام سائل اور اعداد اوس روز کے جمع کرکے پانچ جگہ طرح دے اگر ایک رہے سفر پورب کا بہتر اور فائدہ مند ہوگا اگر دو رہین سفر پچھم کا بہتر ہے اگر تین رہین سفر شمال فائدہ مند ہے اگر چار باقی رہین سفر جانب جنوب کرے اور پانچ رہین تو کسی طرف

بہتر نہین بلکہ سفر کرنا نہین باعث ہلاکت متصور ہے **ایضاً ۲۵** - اگر سائل پوچھے کہ فلان کارکو شروع
کرنا بہتر ہوگا عدد نام سائل اور اعداد روز سوال جمع کرکے آٹھ جگہہ طرح دے اگر باقی ایک
رہے تو یکشنبہ بہتر ہے اگر دو رہین دوشنبہ اور چار سے چہارشنبہ پانچ سے پنجشنبہ چہ سے
جمعہ اور سات رہین توشنبہ کو کار کرنا خوب اور جایون ہے اگر آٹھ رہین تو کار در حوت شروع
تو توقف و تامل کرنا واجب ہے **ایضا ۲۶** - اگر سائل سوال کرے کہ فلان شخص سفر کو گیا ہے
جلد آویگا یا نہین چاہیے کہ سائل سے نام ساتون یوم کا جو ہفتہ مین ہین پوچھے اگر وہ شخص
یکشنبہ یا چہارشنبہ کا نام لے تو کہنا چاہیے کہ مسافر راہ مین ہے اور اگر روز پنجشنبہ یا جمعہ
کہے تو حکم دینا چاہیے کہ مسافر جلد آیا چاہتا ہے اگر سہ شنبہ کہے تو مسافر ملول ہو اگر شنبہ
یا دوشنبہ کہے تو معلوم کرے کہ مسافر جای قیام پر مقیم ہے **ایضاً ۲۷** - اگر سائل پوچھے
کہ ہمارے ہاتھ مین کیا چیز ہے چاہیے کہ اعداد نام سائل اور اعداد روز اور نام ساعتکو کہ
جس ساعت مین سوال کرے مثلاً شمس ہو بحساب ابجد جمع کرکے تین جگہہ طرح دے اگر ایک رہے
از قسم جنس ہو یا مروارید و یا سنگ و زر و نقرہ یا اثاث دہات یا شیرینی اور اگر دو رہین از قسم
پارچہ مثل ریسمان و ابریشم و سوت وغیرہ یا خاک و برگ و غلہ و سبزیاری و یا چوب یا میوہ یا
اور جو چیز کہ کہانے کی ہو ہاتھ مین نکلیگی اگر طرح سے تین رہین تو از قسم جانور یا گوشت یا نخود
وغیرہ شی مین ہوگی **دیگر طریقہ دریافت کرنے حال مریض کا نہایت**
مجرب و آزمودہ ہی اگر فرستادہ بیمار طبیب کے پاس جاے اور واسطے معالجہ بیمار کے
سوال کرے لازم ہے کہ طبیب نام سائل کا دریافت کرے بعد ازان دیکھے کہ بحساب ہندی اسکے
نام مین کے حرف ہین اونہین چار عدد زیادہ کرکے دوچند کرے اور جس تاریخ ہندی مین کہ
سوال کیا ہو اوس تاریخکو بھی دوچند کرکے شامل کرے پہر اعداد مجموعہ کو تین سے
تقسیم کرے اگر خارج قسمت مین باقی کچہ نرہے معلوم کرے کہ مریض صحت نپاویگا اگر ایک عدد
خارج قسمت مین نکلے رنجور بہت جلد شفا پاوی اور اگر دو یا تین عدد حاصل قسمت ہون
تو مریض دیر مین صحت پاوے مثلاً نام سائل کا گنگا دھر یا مرلیضی ہے تو از روے ہندی
دو لفظ نام مین چار چار حرف ہین چنانچہ چہار عدد اور ملا کر اسم دوچند

کئے تو آٹھ ہوئے اعداد تاریخ ہندی کہ جبر و رسوال ہو مثلاً اشتمی ہے تو دو چند کرنے سے ۱۶ ہوئے پھر اعداد اسم مین کہ دو چند کیے ہین شامل کر نیسے جو بین ہوئے اور تین سے تقسیم کرے تو تقسیم پوری آئی کچھ باقی نہ بچا معلوم کرنا چاہیے کہ مریض ہرگز صحت یاب نہو گا

فالنامہ دیگر منقول حافظ شیراز عفی عنہ

جن صاحبونکو دیکھنا و مطلب دلی دریافت کرنا منظور ہو خانہای ہندسہ مین انگشت بعد از قرأت بصدق دل رکھکر اشعار مرقومۂ نقشہ سے مقصد قلبی دریافت کرلین جو کچھ شدنی ہوگی مطابق مطلب کے مضمون اشعار سے راست براست معلوم ہوجایگی نقشہ یہ ہے

۱	ترا کار نیکو میسر شود	فال نیک ہے	کہ شاہد مطالب تو در بر شود	۱
۲	درین فال کارت بہا بد بہ بست	مراد دلی بر آوے	بہ بست و بہ بست و بہ بست و بہ بست	۲
۳	درین فال بہ بینک شوی بہرہ ور	مراد دلی بر آوے لیکن بدشواری	ولیکن بدشواری سخت تر	۳
۴	باہستگی کار باشد درست	مراد بر آوے لیکن بتوقف	درست و درست و درست و درست	۴
۵	ازین فال تو روشنی ہم کنی	مراد دلی مین مخالفت ہے	تو در ہم کنی و تو بر ہم کنی	۵
۶	درین فال تو شادمانی کنی	مراد دلی بشاد کامی حاصل ہو	بفضل خدا زندگانی کنی	۶
۷	نیابی درین فال مطلب شتاب	مراد جلد آوے	جواب ہمین باشد گویم جواب	۷
۸	برآید درین فال انتہا کام	مراد بر آوے لیکن بتردد سے	ولیکن بمحنت تردد تمام	۸

فالنامہ سوم از حضرت یحیی منیری

جو شخص کہ تحقیق کرنا نیک و بد حسب حال اپنے اور معلوم کرنا مطالب بہاری کا لسعد و نحس دریافت کیا چاہے تو بہ نیت صدق و اعتقاد درست خانہای نقشۂ ذیل میں انگلی رکھے اور مطابق نشان خانہ نقشہ کے اشعار منظومہ سے مطلب معلوم کرے

یک و یک	یک و دو	یک و سہ	یک و چہار	یک و پنج
دو و یک	دو و دو	دو و سہ	دو و چہار	دو و پنج
سہ و یک	سہ و دو	سہ و سہ	سہ و چہار	سہ و پنج
چہار و یک	چہار و دو	چہار و سہ	چہار و چہار	چہار و پنج
پنج و یک	پنج و دو	پنج و سہ	پنج و چہار	پنج و پنج

انیفال که باتو دوست جانی است	باد ولت و بخت و کامرانی است	مقصود تو جمله حاصل آید	زیرا که دلیل شادمانی است
انیفال تو هست باسعادت	اقبال تو روز کند زیادت	این حاجت تو روا کند زود	همواره خدای باد یارت
اندیشه که کرده خذر کن	در قدرت حق خود نظر کن	انیکار مکن که رنج یابی	از صبر بگیر و خود نظر کن
انیفال تو هست بد خبر و کل	شاید که دران کنی تامل	در آخر کار تو بر آید	گر تو بخدا کنی توکل
فالی که زدی مقابل آید	با دولت و بخت کامل آید	اندیشه که کرده حقیقت	شک نیست که زود حاصل آید
فالی زده تو از تکلف	باید که دران کنی توقف	گر صبر کنی تو اند انتقال	یابی ز خدا بخود تلطف
انیفال تو هست بختیاری	بر شاخ امید تو بر آید	مقصود و مراد هر چه داری	خوش باش که جملگی بر آید
در فال تو هست بختیاری	زیرا که تو مرد بختیاری	تعجیل مکن که در بسا آید	هر کار که در ضمیر داری
فال تو نکو هست لیکن انیکار	بود است بسخت دشوار	دل را سوی که این مرادت	آسان شودت باخر انیکار
در فال تو هست دو شکامی	یابی تو مراد با تمامی	میدان که بیابی آرزوها	در دولت و بخت شادکامی
انیفال نکو ترا بر آید	زیرا که از ان خجالت آید	گر صبر کنی امید باشد	کار تو ز صبر بهتر آید
انیفال مبارکست نیکون	گردد همه کارها باین	مقصود و مراد هر چه داری	بیشک شودت تمام اکنون
فالیکه زدی موافق آید	چون نور صبح صادق آید	انیکار که کرده تو اکنون	انعام خدای خالق آید
فالی زده تو از سعادت	اقبال قبول شد زیادت	زین فال نکو امید میدار	یابی همه مقصد و مرادت
کار تو همه نظام گردد	در صبر تو انتظام گردد	تعجیل مکن که اندرین کار	شاید که فلک بکار گردد
انیفال تو آمده هست روشن	کار تو شود چو روز روشن	بر دشمن خود شوی مظفر	لیکن بکمین نشسته دشمن
انیفال تو با سعادت آمد	اقبال روز زیادت آید	باز آن بشکار گاه مقصود	خوشباش که شاد و شاد آمد
انیفال بد انکه دل کشاید	زیرا که تسلیم راحت آید	هر کار که هست باز ماند	از یار یقین که کشاید
انیفال ترا که شاد گردد	دوران تو بر مراد گردد	میدان بیقین مراد حاصل	بخت تو همه کشاد گردد
انیفال تو خوشتر از بهار است	در گنج مراد ساز کار است	اندیشه مکن بکردن انیکار	زیرا که خدای مهربان است
انیفال تو آمده منور	گر صبر کنی تراست بهتر	این را بکنی تو گر بعده	گردد همه عاقبت مسخر
انیکار مکن تو زود بهتر	هر چند که زود تر نکو تر	یابی تو مراد دل تمامی	با دولت و جاه و خوش فروتر
فالی که زدی بسنج و سختی	اندیشه مکن نه تنگدستی	خوش باش که عاقبت بر آید	انیکار ترا ولی ز سختی

فالیکہ زدی حذر بکن تر	کاری نبود ز صبر بہتر	انکار مکن کہ اندر انکار	مسعود تو زیان شود ار سر
فالیکہ زدی بفضل یزدان	یا آنکہ تو ہستی از بزرگان	انفعال تو بر وصال دارد	یابی تو ہمہ بفضل یزدان

فصل دوسری نجوم اور سرودہا کی بیان مین

ذکر سرودہا جاننا چاہیے کہ دار مدار سرودہا کا تین سرون پر منحصر ہی بدین تفصیل **پنگلا** داہنے سر یعنی دم راست کا نام ہے اسکو آفتاب سے نسبت ہے اور اوسکی خاصیت گرم ہی **ایڑا** بائین سر یعنی دم چپ کا نام ہے اسکو ماہتاب سی نسبت ہی اور اوسکی تاثیر سرد ہی **سکھمنا** بائین و دہنی سر کا نام ہے جو دونو ساتھہ چلتی ہین **فائدہ** واضح ہو کہ دم راست مین اون کامونکا کرنا واجب ہی جن سے جلدی فراغت یعنی متحرک کام جیسے کہانا جنگ کیواسطے سوار ہونا قرض لینا قرض دینا تیر اندازی وغیرہ علم کا سیکہنا دشمن کے گہر جانا کسی کی ملاقات کو جانا وغیرہ علی ہذا القیاس بائین سر یعنے دم چپ مین اون کامونکا کرنا چاہیے جنکو قیام ہی جیسی عمارت بنانا مکان مین داخل ہونا مسند حکومت پر بیٹہنا کتخدا ہونا نوکر ہونا شہر اور گانون کا آباد کرنا سفر سی پہرنا اور قطع برید پارچہ وغیرہ اور سکہمنا مین سوای حبس نفس و لوازمہ جوگ وغیرہ اور کچھہ نہ کرے

عمل سرودہا عنصرونکا دیکہنا جسکو اپنی آنکہو سے منظور ہو اوسکے لئے یہ ترکیب ہے کہ ایک پہر رات باقی رہے سنگہ آسن یعنی دو زانو بیٹہہ کر دونون ہاتہوسے پہنچون کو اولٹ کر اسطرح دونون زانوؤن پر رکہے کہ انگلیان سے سر پیٹ کیطرف رہین پہر ناک کی نہتون پر نظر کرے یعنی عنصر کو دیکہے دو مہورت یعنی پانچ گہڑی تک توجہ سے بعینہ عنصرونکی صورت بخوبی نظر آئے گی اب ایسے عمل کا بیان لازم آیا جس سے تمہر مخفی آشکار ہون بڑے بڑے رموز مشکل بآسانی بیدار ہون لہذا چہایا پرش یعنی عمل ہمزاد کا لکہا جاتا ہے جس شخص کو اس عمل کا عمل مین لانا منظور ہو اوسکو چاہیے کہ سورج یا چاند یا چراغ کی روشنی ہر روز بلا ناغہ دو مہورت اپنے سایہ کی طرف گلو کی اور پر دیکہا کرے تو چند روز مین اپنی صورت معکوس یعنی اولٹی آوے گی اور چہ مہینے کے بعد وہ صورت بعینہ روبرو نمایان ہوگی پہر جو حال بہلا اور برا زمانہ آیندہ کا اپنا یا غیر دن کی نسبت پوچہنا ہو اوس سے دریافت کرلے اور واضح ہو کہ ایک عمل کے حاصل ہونیسے

جواب دیتا ہے سوالونکا کہ فلان شخص اسوقت کہان ہے یا وہ اسوقت کیا کام کرتا ہے یا اوسکے ہاتھہ مین کیا چیز ہے یا اور قسم کی باتونکا تبلا دینا بند بعیہ ہمزاد کی ممکن ہے ذکر بعضے استعمال کا اول اسم سحر مین بعد الصلاح خواب سے اوٹھے اوسیطرف کا قدم پہلے اوٹھا کر چلے کہ اس عمل کی تاثیر سے تمام دن خوشی مین گذرے دوئم اہل ریاضت نے ذکر قلبی کو سب عملونپر مقدم رکہا ہے اور وہ ایک اسم ہے کہ رات دن تمام جانداروں سے خود بخود جاری رہتا ہے یعنی جو دم اندر جاتا ہے لفظ ہو اور جو دم باہر آتا ہے اسمین لفظ ہم مجموعہ ہو سوئم ہے کہ اسکو اہل اسلام اللہ ہو کہتے ہین پس انسان کو لازم ہے کہ ہر وقت اسکا جاپ کرے یعنی ہر نفس پر ہر دم خیال رکہے کہ اسکے عمل سے روشنی پیدا ہو طرفہ امتحان ہے کہ چند روز کے کرنے مین ایک عجیب بات پیدا ہوتی ہے یعنی رات کو اتفاقاً جسوقت آنکھہ کہلجائیگی تو تمام مکان مین روشنی نمودار ہوگی

فصل سوم عاملان سرود یکا بیان ہے اگر چار روز یا آٹھہ روز یا بارہ روز تک دم چپ کیسا کا جاری رہے اور دوسرا اثر نہ بدلے تو اوسکی عمر بہت دراز ہو اگر آٹھہ دم راست جاری رہے تین برس مین مرجاے اور سولہ پہر چلے تو دو سال مین قبر گرگ کا نشانہ ہو اگر چوبیس پہر چلے تو ایک سال مین ملک عدم کو روانہ ہو اگر پندرہ وزرات دہنا سر چلے تو سمجھنا چاہیے کہ عمر بہت قلیل ہے زندگی ششماہی کی دلیل ہے اور جو چھبیس وزرات دم راست چلے تو دو روز مین وفات پاے اگر پانچ گھڑی یکساں چلے تو اوسی دم مرجاے اگر تینون سُر چلنے سے نکلین منہ سے سانس جاری ہو تو چار گھڑی مین فنا ہو جاے اور بہت جلد عالم بقا کو راہ پیما ہو چہارم موت ہمیشہ سرپر کھڑی رہتی ہے اور نہین دریافت ہوتا کہ جان قالب سے کب جدا ہوگی لیکن ارباب تمیز نے بڑے غور و تامل کے ساتھہ اس بارہ مین کتنی باتین نکالین ہین چنانچہ ایک یہ ہے کہ مٹھی دہنے ہاتھہ کی باندھ کر پیشانی سے کچھ اوپر سر کی طرف رکھہ کے ساعد یعنی کلائی پر نظر کرے اور تھوڑی دیر بغور و نگاہ دیکھے جس روز ساعد نظر نہ آوے ہاتھہ جدا اور مٹھی جدا دیکھے اوس روز سے چھہ مہینے حیات مین باقی ہین اسی طرح چند کتنی باتین اہل ریاضت و صاحبان ادراک نے لکھی ہین واللہ اعلم بالصواب

دریافت دقیقہ ہای متعلقہ نجوم

نام ساتون ستارونکی جو کہ حاکم ہفت اقلیم ہین

ہند را حاکم زحل شد ملک چین را مشتری
ملک ترکستان را مریخ کردہ سروری
شمس آمد در خراسان زہرہ در ماورا النہر
روم عطارد وز قمر بلغار را شد برتری

خواص احکام روز ہای ہفتہ

یکشنبہ	نام رکھنے اور نوخوردن و نو پوشیدن سرخ اور آغاز تعلیم و عملیات اور زمین جوتنے اور ملازمت سلاطین کو نیک ہے ؛
دوشنبہ	سکلاوہ کرنے اور نام رکھنے اور غسل صحت و زمین جوتنے یا زیور رکھنے اور تحویل و نقل مکان اور خرید و فروخت اسباب چہارپایہ و سواری و سفر کو نیک ہے ؛
سہ شنبہ	غسل صحت و عملیات و نوخوردن و نو پوشیدن پارچہ سرخ اور نقل و تحویل اور خرید و فروخت چہارپایہ اور سواری و سفر کو نیک ہے ؛
چہارشنبہ	سکلاوہ کرانا اور نام رکھنے اور نو پوشیدن و نوخوردن و نو تعلیم و زمین جوتنا اور زیور رکھنا و تحویل مکان و حجامت بنوانا اور ملازمت سلاطین و خرید و فروخت چہارپایہ اور سواری و سفر کو نیک ہے
پنجشنبہ	سکلاوہ کرنے اور نام رکھنے اور پوشش نو و تعلیم وغیرہ مطابق بیان روز چہارشنبہ کے سعد و نیک ہے
جمعہ	سکلاوہ کرانا و لباس نو سبز اور زمین جوتنا اور نو تعلیم و زیور رکھنے و تحویل و خرید و فروخت اور حجامت اور خرید و فروخت چہارپایہ اور سواری اسپ و فیل وغیرہ کو نیک ہے ؛
شنبہ	سکلاوہ اور غسل صحت و نوخوردن اور زیور رکھنا اور تحویل مکان اور نقل و خرید و فروخت چہارپایہ اور سواری اسپ و فیل وغیرہ کو نیک ہے ؛

واضح ہو کہ سفر بمقابلہ جوگنی و دساسول کے بہت منع ہے لہذا یہ دو نقشے مقامات دساسول اور جوگنی بقید یوم اور تاریخ کے لکھے جاتے ہین ؛

نقشہ دساسول



نقشہ مقام چندرمان



نقشہ مقامات جوگنی



تت کال مہورت یعنی ساعت بروقت

اگر کسیکو ایسی وقتمین سفر درپیش ہو کہ مہلت دیکھنے مہورت کی نملے اور جوگنی و دساسول بھی سامنی یاد نہو تو جوگنی اور دساسول کے دوش دور کرنیکو حسب مندرجہ ذیل عملین لاوے اور مطابق اشیاء مذکورہ نقشہ ہذا کے کہا کر روانہ ہو انشاء اللہ تعالے سفر بخیریت طے ہو ۔

سمت روانگی	نام شئے	یوم روانگی	نام شئے	یوم روانگی	نام شئے
پورب	قند سیاہ	یکشنبہ	برگ تنبول	پنجشنبہ	جغرات
پچھم	خرما	دوشنبہ	آئینہ دیکھکر جاے	جمعہ	رائی
دکھن	جغرات	سہ شنبہ	دہنیا کہاکر جاے	شنبہ	دال کی بڑی
اوتر	شیر	چہارشنبہ	قند سیاہ	۔	۔

فصل تیسری شگون چھینک و چھپکلی کے بیان مین شگون عطسہ یعنی چھینک

ناظرین پر بخوبی روشن ہو کہ ہر بیان سعد و نحس پر واضح ہو کہ وقوع عطسہ یعنی یکایک ہونا چھینک کا

نہایت راست اور صادق اور لغایت درست و برحق ہے جو کہ اسکی خواص کہ بخوبی جانتے ہین حکم اسکا بسر و چشم مانتے ہین در حقیقت کہ ظہور اسکا خالی از علت اور فرمان اسکا بر خلاف حکمت نہین ہوتا اکثر مسلمین البتہ اسکی پابند نہین لیکن فرمان حق پر ضد کرنا اپنے پسند کسو اسطے کہ آواز عطسہ صدای غیبی سے مراد ہے اکثر امتحان کیا تو صریح ارشاد رب العباد ہے صاحبان دوربینان پر ظاہر ہو کہ اگر بر وقت ارادہ کسی کام کے اور ہنگام روانگی از قیام یا عند القصد خرام و موقع کلام کے اگر صدای عطسہ گوش زد ہو ارباب دانش و اصحاب بینش کو لازم بل الزم ہے کہ فعل اور خواص اسکا صدای ہاتفی سمجھ کر مطابق یوم اور سمت کے دریافت کرین اور جو کچھ کہ جواب کار مرجعہ کا آواز چھینک سے ادراک ہو موافق اسکے عمل مین لائین

بیان خواص عطسہ بقید یوم اور سمت کے

ذکر یکشنبہ اگر یکشنبہ کو جانب مشرق سے بر وقت روانگی وغیرہ کے آواز چھینک آئے تو کسی دوست سے کچھ راحت پائے اور درمیان یعنی گوشہ مغرب و جنوب سے ہو تو وحشت و غصہ طبیعت مین سمائے اگر خاص جنوب سے صدای عطسہ ہو تو موجب بشاشت اور باعث دولت کا ہے اگر گوشہ مغرب و جنوب سے ہو صبر و قناعت کی علامت ہے گر جانب مغرب سے اگر جانب مغرب سے ہو تو غذائے لطیف ملنے کی دلالت ہے اگر گوشہ مغرب و شمال سے چھینک ظاہر ہو اکثر پریشان خاطر ہے اور سمت شمال سے ہو تو دولت کثیر ہاتھ لگے اور گوشہ مشرق و شمال سے ہو تمنای دلی بر آوے یا فکر اخراجات سے مغفرت پائے ذکر دوشنبہ اگر سمت مشرق سے چھینک ہو تو حصول قناعت کی نشانی ہے اور گوشہ جنوب اور مشرق سے باعث فرحت و شادمانی ہے اگر جانب جنوب سے آواز آئے مال و منال دستیاب ہو اور اگر گوشہ مغرب و جنوب پر ہو تو وصال دوست سے کامیاب ہو اگر طرف مغرب سے چھینک ہو تو کچھ خوف و خطر اور گونہ ملال و ضرر پیش آئے اور گوشہ مغرب و شمال سے ہو مدعا کمال و دولت ہاتھ لگ جائے اگر خاص مشرق سے عطسہ نمایان ہو طعام شیرین و لطیف کھانے مین آئے اور گوشہ جنوب و مشرق سے ہو تو مراد دلی بر آوے ذکر سہ شنبہ اگر منگل کو سمت مشرق سے چھینک ہو کچھ نقصان مال کا فتور ہو اور گوشہ مغرب و جنوب سے

جلد مقاصد قلبی کا ظہور ہو اگر سمت جنوب سے آئے برخاستگی خاطر سے بیقرار رہے اور گوشۂ مغرب وجنوب سے ہو تو محبان ہمراز سے برخوردار اگر خاص مغرب سے ہو زیادت شادمانی ومسرت ہو اور گوشۂ غرب وشمال سے مال وزر کی کثرت اگر روئے شمال سے پیدا ہو حصول مرام سے شادکام ہو اور گوشۂ مشرق وشمال سے نقصان زر ہو یا موجب آلام **ذکر چہارشنبہ** اگر چہارشنبہ کو روئے شمال سے آواز چھینک سُنے دولت لازوال سے مالا مال ہو اور گوشۂ مشرق وجنوب سے کچھ تکلیف عاید الاحق حال اگر جانب جنوب ہو تو مقصود قلبی سے کامیاب اور گوشۂ مغرب وجنوب سے مدد کیر بر روئے آب ہو اگر سمت شمال سے چھینک ہو خوف عظیم سے دہشت وباک ہے لیکن گوشۂ مشرق وشمال سے ہو وصلت حبیب فرحت ناک **ذکر پنجشنبہ** جمعرات کو طرف مشرق سے عطسہ ہو تو یقین ہے کہ نقصان دولت وعدو سے غم آلود ہو اگر گوشۂ مشرق وجنوب سے چھینک پڑے تو موت قریب اور حول وہشت نصیب ہو اگر جانب جنوب سے ہو مرام قلبی سے کامران ہو اور گوشۂ غرب وجنوب سے حصول زر کا سامان اگر طرف مغرب سے چھینک آئے نوید شادی سے خانہ آبادی اور گوشۂ مغرب وجنوب سے برخاستہ دلی ونامرادی اگر جانب شمال سے صدائے عطسہ مسموع ہو موجب نشاط وآرام ہے اور میان مشرق وشمال سے بیشک خوف ودہشت کا مقام ہے **ذکر جمعہ** اگر جمعہ کو شمال کیطرف سے چھینک ہو کوئی خوف وخطرہ خطیر خاطر ہو اور گوشۂ جنوب وشمال میں ہو مقصد قلبی سے بہرہ ور اگر سمت جانب سے عطسہ ظہور میں آوے قدرے زر ومال ضائع ہوجائے اور درمیان مغرب وجنوب کے چھینک ہونا باعث ملال حبیب ہے اور اوسی سے گونہ فائدہ بھی مزید تصور کرے قریب ہے اگر خاص مغرب سے ہو تو خوشی وخرمی کا موجب ہے اور گوشۂ غرب وشمال سے برخاستگی دل کا مستوجب اگر شمال سے صدائے عطسہ استماع میں آئے محب شفیق سے ملاقات ہو اور گوشۂ مشرق وشمال میں تمنائے دلی بر آوے کچھ خوشی کی بات ہو **ذکر شنبہ** اگر ہفتہ کو از جانب مشرق چھینک پڑے طعام لطیف وشیرین سے لطف یاب ہو اور جنوب ومشرق سے

آرزو و خواہش دلی بر آوردہ حاصل ہو اور گوشۂ مغرب و جنوب سے کوئی دشمن آمادۂ جنگ
و جدال ہو اگر عطسہ طرف مغرب سے اور اگر یہ آئے خاطر متفکر و مضطر کو تسلی
و آرام ہو مگر گوشۂ غرب سے مستوجب پریشانی و آلام اگر عطسہ روی شمال سے
ہو حصول دولت کا مآل ہے اور گوشۂ مشرق سے ہو تو آرزوے قلبی کا بر آنا محال ہے
خواص جوانب ناظرین دوربین پر روشن و ہویدا ہو کہ بوقت روانگی یا ہیچ
کارکے اگر چھینک از مقام بلند یعنی اوپر سے ہو ملک الموت کا سامنا متصور کرے اور
از جانب زیرین یعنی پستی ہو تو مال و زر کا پانا تصور کرے اگر حد سے عطسہ وزن شود ہو
تمنای دلی بر آوے خوشی و خرمی کا ظہور ہو اگر زن عقیمہ یا بیوہ یا نابالغ چھینکے مطلقاً فکر نہیں
اس عطسہ کا اعتبار کا کچھ ذکر نہیں اگر حائض یا تیز شہوت چھینکے غم و اندوہ کی دلالت ہے
بیشک تشویش و فکر کی علامت ہے اگر دو واپنے یا سوتے اور ہنگام جنگ و کارزار یا تحصیل علم و شکار کی
نیت جانب جیب یا پشت سے عطسہ ظہور پائے سعید ہے مراد دلی اور آرزوی قلبی بر آوے
اگر بسبب سردی و زکام وغیرہ کے عطسہ ہو یا کوئی عمداً چھینک لیوے تو سراسر باطل اور
لا اعتبار ہے یہی خلاصہ اور یہی اختصار ہے

شگون چلپاسہ سے یعنی چھپکلی

فصل الصفا احوال سعد و نحس گرنے چھپکلی کا جو کہ ہادی طریقت و بادی شریعت ہمہ
اسرار سبحانی و بینندۂ انوار ربانی یعنی سوت جی ذو مقام مصر کہ میں بیان کر گا جارج سونگ سن سے
عیان کیا تھا واسطے فائدہ ہر خاص و عام کے حرف بحرف کتاب ہندی سے ترجمہ کر کے لکھا گیا وہ ظہرا
ناظرین و الا تمکین ہو کہ خواص افتادگی کرفش بموجب تاریخ و یوم اور مطابق وقت کے ظہور میں آتا ہے
لہذا بیان مفصل بقید تاریخ و یوم مع خواص وقت سلسلہ وار تحریر کیا جاتا ہے بیان تاریخ اس
بقید تاریخ ہندی اگر بتاریخ یکم کسی پر چھپکلی گرے وقوع بیماری سے پر ملول ہو لیکن تاریخ
دوم میں گرے تو حاکم وقت سے دولت و شادمانی حصول ہو اگر سوم و چہارم کو گرے
زر کثیر ہاتھ آئے فکر اخراجات سے فارغ ہو جاوے اگر تاریخ ششم و ہفتم میں گرے آمد
روزی سے مالا مال ہو اور دولت لازوال سے بفائدۂ عظیم خوشحال اگر تاریخ ہشتم و نہم کو گرے

قریب المرگ کی نشانی اغلب ہے اور بلا ہل مہلک سے جام زندگانی لبالب اگر یازدہم
مین گرے بطن مبارک سے ظہور آل و اولاد ہو نوید شادی و مبارکبادی سے
خانۂ خاطر آباد ہو اگر دوازدہم کو گرے کسیطرح کا فائدہ ظہور مین اوے بادۂ مسرت و کامرانی
عملین لاے اگر تاریخ سیزدہم یا چہاردہم مین گرے زوال دولت و مال سے رنج و ملال ہو نظر
اخراجات دامنگیر و عاید حال ہو اگر پانزدہم کو گرے زر بسیار دستیاب اور دولت تونگری سے
مالا مال اور کامیاب ہووے۔

بقید یوم ناظرین بیضا ضیا سے پر روشن و ہویدا ہو کہ خاصیت یوم بھی مثل خواص تاریخ
مسطورہ بالا کے کیفیت نما ہے لہذا مختصر لکہا جاتا ہے کہ ہفتہ مین چار روز نسبت گرنے
چہپکلی کے بہت خوب ہین مگر تین روز نہایت بد اور از حد معیوب ہین **صفت** اگر دوشنبہ
و چہارشنبہ و پنجشنبہ یا جمعہ کو بدن پر گرے بہت بہتر و مفید تر ہے اور شنبہ یا یکشنبہ و سہ شنبہ
کو گرے تو نہایت ناقص و موجب ضرر ہے۔

بیان خواص بقید وقت

ضمیر ناظرین مہر تنویر پر واضح و لائح ہو کہ دن کے چار پہر مقرر ہین اور ہر ایک پہر کا خواص جداگانہ
بہ نسبت افتادگی کرفش کے ظاہر ہوتا ہے لہذا خاصہ ہر ایک پہر کا بتفصیل مختصر رقم کیا گیا
خواص پہلے پہر کا یعنی صبح سے پہر دن چڑہے تک اگر چہپکلی پیشانی پر گرے رو سراعت و شادمانی
پیش آے صورت تشویش و پریشانی کی لوح خاطر سے زائل ہو جاے اگر منہ پر گرے غذاے لطیف
و ذائقہ بخش و ہان اس لذت شیرینی سے مذاق کامیابی کا شیرین زبان اگر پاون پر گرے
طی منازل بسر دست ہوا ہو اور اثناء سفر مین جلد تر گام فرسا خواص دوسرے پہر کا یعنی
دو پہر تک خواہ کسی عضو پر گرے لیکن جانب راست گرنے سے دلیل فرحت و مسرت ہے
اور جانب چپ سے موجب امراض و علالت خواص تیسرے پہر کا پہر دن رہے تک اگر پشت یا
دست پر گرے بیماری مہلک سے پر الم ہون اور پاون پر گرے تو نقصان نقد سے پابند
غم خواص چوتہے پہر کا شام تک اگر پیشانی پر گرے سمجہے کہ آقاے نامدار پر کوئی آفت
پیش آنی ہے نقصان جان و مال سے ہمہ تن کلفت موجب حیرانی ہو اگر رخسارہ پر گرے

روی راحت سے خوشحالی ہو اور صورت رنج و تعب سے فارغ البالی اگر ران پر گرے
گردش فلکی سے حیران رہے اور فراخی تنگدستی سے خانۂ دولت ویران۔

خواص دائمی ناظرین حقیقت بین پر روشن و مبین ہو کہ خواص گرنے چھپکلی کا
بقید تاریخ و یوم یا ببیان وقت صرف دو چار اعضا کی نسبت جو کہ اصل تھا لکھا ہی ہیں
خواص دائمی سے مراد یہ کہ خواہ کسی تاریخ یا کوئی یوم اور کسیوقت مین چھپکلی اوپر گرے خواص
اوسکا بنسبت ہر ایک عضو کے مفصل بیان کیا جاتا ہے ❖

بیان خواص اگر سر پر گرے مالک تخت و تاج شاہی اور افسر مسند وزیر عالم پناہی ہو
اگر آنکھو نپر گرے کچھ خوف و خطر پیش نظر ہو یا دہشت حاکم سے ہیبت ناک و مضطر ہو اگر ناک
پر گرے بوی عروج و عشرت سے دماغ دل معطر ہو غمنا کی دور اور چشم راحت منور
اگر منہ پر گرے نعمت لطیف و گوناگون سے شیرین دہان ہو اغذیہ پاکیزہ و بہترین
سے عذب اللسان اگر کتف یعنے بازو پر گرے نفضل ایزد وہاب سے مقابلۂ
دشمن سے فتحیاب ہو اور شتاب اتصال مال و زر سے کامیاب
اگر کلائی پر گرے افزونی دولت و حشمت کی علامت ہے باعث نیک بختی اور حصول غرض حت
کی دلالت ہے ❖ ❖
اگر ہاتھ پر گرے عورت گلرو سے ہمدوش ہو اور خاتون سنبل مو سے ہم آغوش ہو
اگر پستان یا سینہ پر گرے مدام بادۂ خرمی و نشاط سے مسرور رہے اور دوام صہبائے
خوشنودی و انبساط سے سورو سرور
اگر شکم پر گرے برج اقبال کا شرف کوکب سے منور ہو اور زیادت آل و اطفال سے
خانہ آبادی میسر ہو ❖
اگر شبیہ پر گرے نفضل الٰہی سے خوش پوشاک ہو پارچہ رنگ برنگ ملبس جرگ پوشی
سے پاک ہو اگر پیڑو پر گرے سچو پایہ سواری نصیب ہو اور رخش تمنا منزل مرادسی عنقریب ہو
اگر پہلو پر گرے کسی خوف و خطر کا مبتلا ہو دہشت عظیم کا سامنا ہو اگر کمر پر گرے ایوان
آلی پوشش نو بنو سے زیبائش پائے ساری کجخوابی فکر و تردد کی ہاتھ ملل کی دفع ہو جائے

اگر مقعد پر گرے سراسر موت کی نشانی ہے راہ ملک عدم کی جلد پیش آئی ہو اگر درمیان ان
اور گھٹنے کے گرے جانور ہوائی کا زیر ران رہے اور دائما نعمت بیکران سے
شادان و فرحان ہو ؏

اگر پاؤن پر گرے حصول دولت سے بہجت و شادمانی ہو اور حصول عشرت و مسرت سے
کیفیت زندگانی رائے بر انجلائے نکتہ شناسان دقیقہ رس پر ظاہر ہو کہ بعض کتب متقدمین
سے ظاہر ہے اگر چھپکلی کسی رنگ کی ہوتی ہے اور ثمرہ افتادگی مقرر ہون وہ دکھائی ہے
اگر کسی پر کرفس بد رنگ گرے تو صدقہ دینا مناسب ہے اور غسل و طہارت کرنا انسب
ہے اور واضح ہو کہ اوس ہادی طریقت دنیوی یعنی سوت جی موصوف نے درزمرہ خواص
مفصلہ و مسطورہ بالا واسطے دور کرنے وجہ منحوس یعنی دوش چھپکلی کے صدقہ انواع اشیاء
کا و پوجن ہوم وغیرہ حسب ضابطہ ہنود کی تفصیل مفصل تحریر فرمایا ہے لیکن مترجم نے طوالت
کلام سے دستکشی کی اور یہ خلاصہ انتخاب مین آیا کہ اگر کسی موقع خلاف پر چھپکلی گرے
اور بخوف اس فعل اوسکا ادراک یا مقام دہشت و باک ہو لازم ہے کہ بطور صدقہ کے
غربا و مساکین کو شکر سیر سے آسودہ کرے اور زر و طلا و پارچہ وغیرہ خیرات مین
دے اگر ہندو ہو یہ واقعہ نزول پائے جاپا داں اور پوجن کشن بھگوان کی حسب
دستور ہنود کے عمل مین لاوے فقط

فصل چوتھی شگون آواز زاغ اور تعبیر خواب کے بیان مین

شگون آواز زاغ کا ایک کتاب سے حرف بحرف لکھنے مین آیا واضح ہو کہ آواز زاغ
سولہ طرح کی ہوتی ہے کواے کواے کین کین کردن کرون کوین کوین کرین کرین
کوان کوان کرون کرون کراس کراس کرو کرو وغیرہ اول پہر مین اگر مشرق
یا مغرب کی سمت مین زاغ بولے دوستون سے ملاقات یا کوئی چیز گم شدہ دستیاب ہے یا کوئی
عورت حسین ملے یا دفع دشمن ہو یا کوئی خوشی نصیب یا نیہ ہر اگر شمال یا جانب شمال و مشرق مین بولے

تو آگ لگے یا کوئی مصیبت پیش آوے دوم پہر مین اگر زاغ جانب مشرق مین بولے مہمان
آوے یا چوری یا بیغرقی ہو اگر مشرق وجنوب کے درمیان مین بولے کسی سے لڑائی ہو اگر
جنوب مین بولے یار کی خبر آوے اور اس سے رنجش ہو یا ملاقات دوست ہو اگر درمیان جنوب
ومغرب کے بولے بیمار کو تندرستی اور تندرست کو بیماری ہو اگر مغرب مین بولے بیمار کو صحت
اور ملاقات دوست کی ہو یا خبر دوست کی آوے اگر غرب شمال کے درمیان مین
بولے چوری ہو یا کوئی عزیز ملے یا کسی عورت سے وصل یاب ہو کھانا گوشت کا
ملے اگر شمال مین بولے نذرانہ ہاتھ لگے یا ملاقات دوست کی یا دشمن پر مظفر ہو اگر درمیان
مشرق وشمال کے بولے چورونکا خوف عاید ہو سوم پہر اگر زاغ مشرق کی سمت بولے بارش آب ہو
یا چور کا خوف دور ہو یا دشمن پر فتح پاوے اگر گوشہ مشرق وجنوب مین بولے آگ لگے یا لڑائی ہو یا
بری بری باتین سننے مین آوین اگر کہین جاوے تو برائی ملے اگر جنوب مین بولے لڑائی
ہو یا خبر بد سنے اگر غرب وجنوب کے درمیان مین بولے بیماری ہو یا کوئی جانور خوش الحان
ملے یا مینہ برسے یا خبر خوشی سنے یا مٹھائی کھاوے یا دشمن دفع ہو یا بیمار ہو یا کوئی ملازم ہونا ملے اگر کہین جاوے
تو کام جلد ہو جاوے اگر غرب وشمال کے درمیان مین بولے ابر ہو یا ہوا تیز چلے یا باتین کریہ سنے
اگر جانب بالا سے آواز کرے تو کچھ کھانے کو ملے چہارم پہر مین اگر زاغ جانب مشرق مین بولے
نذر ملے یا حاکم ہو اگر مشرق وجنوب کے درمیان بولے کچھ بہتری ہو یا دوستون سے
ملاقات ہو یا بیمار ہو اگر جنوب مین بولے دشمن کو خوف ہو یا دوست ملے یا بیماری
ہو اگر گوشہ جنوب ومغرب مین بولے برائی ملے یا دوست ملے یا کہین سے
خوف ہو یا چورون سے لڑائی ہو اگر غرب مین بولے وصال دوست ہو
اور اوس سے بہت سا فائدہ اگر غرب وشمال کے درمیان بولے کسی عورت سے ملے
یا مینہ برسے اور سفر مین جاوے تو فتح وظفر ورزی واپس آوے اگر شمال مین بولے عورت
خوبصورت سے ملاقات ہو یا اسی ہفتہ مین سفر پیش آوے اگر شمال ومغرب کے درمیان بولے
دوستونسے ملاقات ہو یا کوئی اچھی چیز ہاتھ لگے یا گھوڑے پر سوار ہو کر کہین جاوے یا بیماری سے
مرجاوے اگر کسی لکڑی پر بیٹھکر بولے کچھ خوشی کی بات ہو یا دشمن سے کچھ خوشی کی

یا بات ہو یا دشمن دفع ہو یا بیماری دور ہو اگر اوسپر ہو سے کچھ فائدہ حاصل ہو کوئی چیز ملے

بیان تعبیر خواب منظومہ مؤلف ترجمہ گوبد بھوکھن کتاب ہندی

اگرچہ شب کو دیکھے خواب انسان
کہ دیکھے خواب اگر پہلے پہر میں
جو ہو پاس سوم میں خواب ظاہر
طلوع مہر میں دیکھے جو اے پیر
اگر ہو خواب میں گریہ و زاری
بیان بحر و دولت آشنا ہو
سوار فیل ہو یا بام پر ہو
میسر ہو مقام شادمانی
غرض خوب ہے تعبیر اسکی
زبون ہے خواب اگر دیکھے انسان
ترقی پر ہے گنج آل و اطفال
گلستان خوشی آباد ہو جائے
کنیز و بندہ حاکر نظر آئے
یقین ہے جلد ہو افسر تاج
ذرا ہاتھ بیاس ای اوج پر آئے
نشان خرمی لیکن الم ہو
لیکن ہو یا ہے آئے زر سرد دست
اگرچہ دیکھے انسان گوشت دم دام
نفی پر ہے گنج زر بحال
تو ہو اکثر براہ دین خرامان

بیان وقت خواب

ملے تعبیر اوسکی سال بھر میں
اثر ماہ ششم میں ہوگا ما
فقط دس روز میں ظاہر ہو تعبیر
اگر پاس سوم میں دیکھے ناگاہ
دل خواب شب آخر کی تعبیر
اگرچہ دن میں دیکھے خواب کوئی

بیان تعبیر خواب

کنار جوی مطلب پر رسا ہو
مکان میں یا کہ بالائی
بلندی پر ہو بخت کامرانی
نہایت خوب ہے تعبیر اسکی
وجود کامرانی ہو پریشان
در مقصد پہ ہو درج اقبال
خزان غم سے دل آزاد ہو جائے
دیا کوئی غذای خوش مزہ کھا
کبھی ہو گنج دولت کا خزانہ
ستارہ کامگاری کا نہان
شب بلا سیاہ رنج و غم ہو
شراب کامرانی سے ہو سرمست
دیا ہو خواب میں رنگ و نمود
عیش ہو نیکنامی یا بہ حال
سدا ہو سایہ افگن چتر ایمان

اگر کوئی شگفتہ شادی میں ہو
جو دیکھے خواب میں پیر کو مردہ
سوار اسپ دولت ہو خوشی اقبال
اگر ہو خواب میں ہم بستر زن
طلا و اسپ و شاہ و راجہ یا آب
نہال سبز و گلہائی شگفتہ
سرو سبز یا نیک بختی
سوار اسکے ہو دریا میں شناور
نشان بالغ و مصلح انور
یقین ہے ہو حصول خیر بر حق
جو کھائے گوشت آدم از رہ
فزون ہو دولت و اقبال
تو کچھ کار مطلب فعل شایان
اگرچہ خواب میں آئے صاحب عشق
کرے اقلیم دین میں شہریاری

تو ہے اسطرح قول اہل یقین جان
عیان تعبیر ہوگی آٹھویں ماہ
مہینا بھر میں ملنا گی تاثیر
تو ناحق اوسکی ہے تعبیر جو فی
کرے یا کوئی کشتی پر سواری
دماغ خرمی ہو و معطر
دیا تن کو غلاظت میں فرو تر
کہیں ہو یا تہ آئے کچھ زر و مال
نہ سمجھو اسکو ہرگز خواب احسن
جو دیکھے گاو زیادہ در خواب
جو دیکھے خواب میں انسان خفتہ
غرض ہو شاد ہون ایام ہستی
جو دیکھے کوئی ایسا خواب بہتر
نہ ہو ان روزن کسی نے غم میسر
دیا مرشد نے پای منبر حق
تو سمجھو خواب بہتر اسطرح کا
رہے وہ زیور و زر سے تونگر
حیا میں اوس سے ہو بے شک نمایان
ملے چیز کوئی یا خلعت و زر
فزون ہو دولت پرہیزگاری

جو ہووے خوابمیں کشتی پہ سوار
ہے لیکن جلد پھر آئے سفر سے
فساد چشم سے ہو دہ منتشر ہو
جو دو دڑین خوابمیں دینہ آل آدم
سو ہو بشکل ویرانہ زار دیکھو
نساؤ زردپوش و صندل زرد
ہے رنگ عاشقان بہ رنگ فق ہو
جو دیکھے زن سیہ فام و سفینہ پوش تر
مہ و خورشید کو دیکھے جو ملے
اگر صحبت میں دیکھے شیر و ماہ
لطیف و خوش غذا یا شیر شیرین
سفید اندام دیکھے خوابمیں یا
اگر گنجشک زیاد دیکھے سیاہ مین
ہمائے مال ور نہ ہو سایہ افگن
نقصان عزت و توقیر ہے یہ
جو دیکھے خوابمیں ملک فلک پر
سعادت کا ہے شوق اصل یا شتر
اگر ہو چہ کسیر و روغن نہ ہو تو زور آب
جو دیکھے برگ پان مشک و کافور

سیان کرسی جابے اگر باہر
زبان مطلق نکیہ بائے سفر سے
پریشان مثل سنبل سر سبز ہو
تو ہو کچھ خوف حالہ باعث غم
تو سرپر ہونگو اسوار دیکھو
اگر چہ خوابمیں ظاہر ہوے مرد
قریب المرگ ہو درد و قلق ہو
تو ہو خواب زبون اگر رضا ہو شر
تو ہو خواب مبارک کا یہ اسرار
تو ہو بیشک طلوع کوکب جاہ
جو کھائے خوابمیں یا صاحب دین
ہو بیت راست ہو بیشک خواب
دیا چھپا ہو ظاہر خوابمیں بس
رہے ہر وقت فارغ بال و قدرغن
فزون آل کی تعبیر ہے یہ
ملاقی ہو وطن سے ہو کوئی گر
کرے گر خوابمیں تو اپنی خرد در
دیا شیرینی کھائے سر آب
گل خوشبو سفید آئے رضا جب تو
بیان حجاب صادق ختم کر بس

تو ہو مزاج کی صورت روانہ
اگر دندان اگر دیکھے یا بال
جو دیکھے خرس فیل الم چارپائے
اگر انسان خوابمیں ہو خر پر سوار
جو دیکھے زنگو پہنے سرخ پوشاک
تو لاحق ہو کوئی آزار ہلاک
جو کوئی یا لباس سادہ عورت
مفر ہونگو نزدیک سمجھے
شفا پائے علالت دور ہو جائے
ملی اوسکو کہیں سے کچھ زر و مال
ہمیشہ نعمت صحت بہم ہو
زر بسیار پاتا ہے اور بھی ماہ
یہی تعبیر ہو اسکی یہی اے یار
اگر ہو خوابمیں انسان گرفتار
یقین کر جان مال و گنج و زر بھی
ترقی ہے یہ گنج مہر و ایمان
تو ہو تعبیر ظاہر یہ بطور
مذاق تلخکامی ہر زبان ہو
ضیائی زر سے گھر پر نور ہو جائے
نہ کر اس راہ میں طول اب زیادہ

سفر و کھلائے بیشک آب روانہ
وبال سر ہو بیشک عاید حال
تو غم بیشک دل ناچار پائے
دوم ہو چرب و غن سے تر سوار
تو بیشک اوسکو بیماری سے گرباب
سبب بیمار ہو اسمیں نہیں شک
نظر آئی تو کچھ حاصل ہو دولت
یہی تعبیر اسکی ٹھیک سمجھے
خوشی سے قصر دل معمور ہو جائے
درخشندہ رہے خورشید اقبال
حصول خوان نعمت و سیدہ ہو
بسر ایام ہوں با حشمت و جاہ
و لیکن ہو اوسیدہ گر تپ پیدا
تسلسل سست و باطل گہنگار
اوٹھائے رنج کو بیشک سفر سے
رہے تابندہ نجم شوکت و شان
زبان تلخ یا کچھ رنج ہو اور
نہ لذت پائے از عیش جہان ہو
سیاہی فکر و غم کی دور ہو جائے

تعبیر نامہ تمام شد

عمل معائنہ قمر مع تاریخ سعد و نحس ہر ماہ

نام ماہ عربی	تاریخ	نحس	اکبر	کیفیت من معائنہ اشیاء
محرم	۱۱	۱۴	۱۲	زر یا چاندی یا فیروزہ دیکھیے
صفر	۱	۲	۱۰	سورۂ عسق آئینہ آب انگوٹھی کف دست
ربیع الاول	۳	۱۰	۳۰	سورۂ قد سمع اللہ یا آئینہ یا آب رواں یا ریگ [illegible]
ربیع الآخر	۱	۱۱	۲۸	سورۂ تبارک الذی یا جواہر یا اسپ و گوسفند
جمادی الاول	۱	۱۱	۲۸	سورۂ مزمل یا روی پسران یا نقرہ دیکھیے
جمادی الآخر	۱	۱۳	۱۱	سورۂ غاشیہ یا فرزند یا گھوڑا دیکھیے
رجب	۱۱	۱۲	۱۳	سورۂ یاسین یا کل قرآن یا ہتھیلی
شعبان	۴	۲۰	۲۲	سورۂ حجر یا نبیرہ یا پارچہ رنگین یا کل پرہیزگار
رمضان	۳	۲۰	۲۴	سورۂ محمد یا تلوار یا روی اہل دول یا [illegible]
شوال	۴	۳	۲۶	سورۂ فتح کف دست فیروزہ و سبزہ آب
ذیقعدہ	۶	۱۰	۲۸	سورۂ نسا یا روی خوب یا آئینہ یا صحرا یا [illegible]
ذی الحجہ	۰	۲۸	۲۵	سورۂ حجر یا خوبرو یا آب رواں

طلسم چوتھا مشتمل اوپر چار فصل کے

طلسم چوتھا مین ہر رشک حکمت + بھری ہر زندگی کی جسمین لذت + لکھے ہین نسخہ ہائے عشرت انگیز سراپا راحت افزا عشرت آمیز + در صحرای ناظرین عشرت گزین ہو کہ عرصہ کثیر سے اس علم بے نظیر کا مجھکو نہایت شوق تہا اور آزمائش نسخہ جات تجربات کا لغایت ذوق جو نسخہ کہ حکماء ہر زمان سے دستیاب ہو کر امتحان مین آیا مفید خلائق سمجھکر حیطۂ بیان مین لایا فصل پہلی بیان مرض سستی مخلوق مین جو کہ بالغ حمل عورت ہے وتحریر علاج دور کرنے مرض مذکور مین اہل ناظرین عشاق الیقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بموجب اشعار مرقومۂ ذیل کے صحبت پانچ قسم سے محفوظ رہین ورنہ باعث امراض و فسادات عظیم کا ہوتا ہے اشعار این پنج کس صحبت نباید

انکو وگرد والیشان عرد ہشیار + بکر زانہا زن بیہرست و دیگر + صغیر و حائض و بدشکل و بیمار رہے
اسکے بعد وضح ولائح ہو کہ عارضہ جلق زدگی مجرد آدمی کو اکثر ہوتا ہے کہ جس سے عضو خاص کو لاغری اور
کجی پیدا ہوتی ہے جڑ اوسکی پتلی پڑکے کمزور ہوجاتی ہے بعد چند روز کے سست ہوجاتا ہے
سرعت انزال بھی ظہور میں آتی ہے غرضکہ مرد کیواسطے یہ امر زہر قاتل اور باعث کمال قلت بلکہ بدتر از موت ہے
اگر کل برائیان اسکی لکھنے میں آئیں چند دستہ کاغذ کے سیاہ ہوجائیں لہذا واسطے مخلوق کے
نسخہ ہای مجرب اور آزمودہ جنسے کہ اکثر شخصوں نے روبرو سے تحیف صحت پائی تحریر کیجاتی
ہیں ظاہر و باہر ہو کہ اس بارہ میں سینک یا پٹی کہ جسپر دوا لگا کر ادویات و روغن
وغیرہ میں مرکب کر کے باندہتے ہیں یا مالش مثل روغن خراطین و روغن جمگودڑ
و روغن سنولا و چربی شیر و سانڈہ وغیرہ اکثر مفید ہوتی ہے پر مؤلف
نے ان روغن و چربی مذکورہ کے سوا جن نسخونمین کہ اکثر اونکو صحت پاتے دیکھا
نقطہ وار دائرہ تحریر میں لایا **نسخہ پٹی** واسطے تیاری و رفع سستی ہذا مجوزہ حکیم
جعفر حسین صاحب کہ جس سے ایک دوست بندہ نے صحت کلی حاصل کی **صفت** پارچہ سفید گاڑہا
ایک گز انبہ ہلدی ہموزن پیسکر سات مرتبہ پارچہ مذکور کو اوسمین تر کر کر اور سات ہی مرتبہ سایہ میں خشک
کریں کہ بالکل زرد چوب کپڑہ میں جذب ہوجاوے پہر سات مرتبہ سینہڈ کے دودہ میں تر کریں اور ہر مرتبہ بطریق
مذکور خشک کرتے جائیں اسیطرح سات بار تہوہڑ کے دودہ میں تر کر کے سکھلائیں بعد ازان سات
مرتبہ مدار کے دودہ میں تر کر کے ہر دفعہ خشک کریں تب پارچہ مذکور کو سکہ میں یا دہ گاو کی بریان
کریں مگر اسقدر کہ نہ خام رہے اور نہ داغ کہاجاوے ورنہ بیکار ہوجاویگا پس موافق اندازہ عضو
خاص کے اوسمین سے پٹی قطع کر ڈالیں اور سرا اوسکا چیر کر چسپیدہ کریں بعد چند ساعت کے جب سوزش معلوم ہو
کہول ڈالیں اور صحبت سے محترز رہیں اسیطرح ایک ہفتہ عمل میں لائیں مرد کامل ہوجائیگا **ترکیب** دوسری یہ اگر
اوس کپڑے کو روغن گاو میں تر کر کے فتیلہ بنا کر جلائیں اور جلتی طرف سے کسی ظرف چینی میں لٹکا کر جو
قطرے روغن کے اوسمین ٹپکیں بعد جلجانے تمام بتی کے اوسے نگاہ رکہیں ایک ہفتہ اوس روغن کو
عضو پر ملیں اور برگ پان لپیٹ کر رشتہ خام سے چسپیدہ و مستحکم کر دیں اور صبحکو بھی کہولڈالیں
بعد ہفتہ کے پس و پیش عضو خاص کا برابر طیار ہوجاویگا [illegible] پہر یہ ہے

واسطے مخلوق کر انجیات چاہیے کہ سگ یکنیم سالہ یا دو سال کا ہو مار کر پارچہ بافتہ چار گرہ
تہ کر کے اوسکے دہن مین رکہدے اور رشتہ اوسکا ریسمان سے جو رنگ مضبوط باندہے اور کسی گہورے
پر مقام پوشیدہ مین گڈہا کہود کر اوسے دفن کر دے بعد اکیس روز کے کہودلاے اور اوسکے
حلق سے کپڑا نکالکر سایہ مین خشک کرے بعدہ موافق اندازۂ عضو کے ایک پٹی مقراض
سے کاٹ کر قدرے گرم کر کے حشفہ چہوڑ کر لپیٹے صبح کو دور کرے اور اوسیوقت
روغن کنجد سیاہ عضو پر ملے اسیطرح ایک ہفتہ عمل کرے عیب حلق زدگی رفع ہو جاے
اور تیاری و سختی حاصل ہو نہایت مجرب ہے مگر ایک ہفتہ آب سرد سے استنجا نکرے اور
صاف رکہے اور ترشی و بادی وغیرہ سے پرہیز کرے **دیگر** سینک منبطیکہ ایک شخص ابر
کئی سال تک مرض حلق مین مبتلا رہا اور حسب تحریر بالا کے قباحتین جمیع عاید حال ہوئین
آخر ایک شخص مسمی رحیم بخش ناجی او نیز رحیم ہوے اور ایام سرما مین اس معالجہ سے اوس مخلوق کو
صحت بخشی وہ نسخہ یہ ہے بیخ کنیر سفید آسگند ناگوری پوکہر مول کجلہ خراطین خشک برادہ دندان
فیل مال کنگنی بیر بہوٹی قرنفل کنجد سیاہ سیدہ لکڑی آبنہ ہلدی عاقرقرحا اسپند سوختنی ہر ایک
تولہ بہر دستہ آہنی مین خوب باریک کوٹکر پارچہ بیز کرے بعد ازان بیخ نرگس یکعدد کوفتہ کر کے
اوسکا عرق لعاب سا نکلے گا اوسمین یہ سفوف ادویہ آمیز کرے اگر بیخ نرگس دستیاب
نہو تو بہر جوڑ لاوے اگر یہ بہی نمل سکے عرق پیاز سفید کا نکالکر اوسمین مخلوط کرے اور
بیخ نرگس اور بہر جوڑ و پیاز تینون چیز مل سکین بہت بہتر ہے تینون اجزا کے عرق مین حل کر کے
بعدہ روغن تل سیاہ مگر خالص ہیلاوے اور قدرے روغن اس اجزا مین ملاکر قریب دو تولہ کی
تابہ آہنی پر چہوڑ کر کوئلے کی آگ پر رکہدے کہ روغن گرم رہے اور اجزاء ساختہ کی دو پوٹلی
بناوے اور اوسی روغن گرم تابہ مین چہوڑ دے جبکہ وہ پوٹلی گرم ہوجاے مگر اسقدر کہ برداشت ہو سکے
ایک پوٹلی نکالکر بدن پر مع بیڑو و ران تک جو گرد ہیں سینکے جب یہ پوٹلی سرد ہو جاے تب دوسری
جو کہ روغن مین گرم ہو رہی ہے اوس سے گرم کرے اور اوسکو پہر تابہ پر رکہدے کہ گرم ہو اسی طرح
کامل دو گہنٹے مع بیڑو و ران کے عضو خاص پر سینک کرے بعدہ وہی اجزا دونون پوٹلی سے
نکالکر ایک پٹی پر پہیلاے اور سر چہوڑ کر عضو خاص پر باندہے اور عضو کو بطور ایستادہ سر اوپر کر کے

لنگوٹ باندہ لیوے روز دوم جبکہ دوسرا سینک اوسیطرح تیار کرے تب دس و اکو لنگول کی دفعد کرے
اور حسب مذکور پھر اوسیطرح عمل مین لاوے اگر دو ہفتہ سینک ظہور مین آوے مجلوق کیسا ہی
معیوب و خراب ہوگیا ہو حالت اصلی پہ آجاوے مرض تبیج سے صحت پاوے دیگر
یہ کہ سستی عضو خاص کو دور کرے اور کمی ہبشی ہموار ہوجاوے برادہ دندان فیل مالکنگنی
انبہ ہلدی ہر ایک دو ماشہ تینونکو باریک کرکے یکجا مخلوط کرے اور پوٹلی بناوے بعد ازان دودہ
بھینس کا آدہ سیر جوش کرے اور ایک سرپوش کہ اوسکے وسط مین سوراخ کیا ہو برابر دہن ظرف
شیر کے سرپوش کہکر گل حکمت کردے اور آنچ دیکر پوٹلی مذکور کو برابر سوراخ سرپوش کے رکھے
جبکہ بخارات شیر سے پوٹلی گرم ہو جاوے مع ران و پیڑو کے اوس سے عضو کو سینکے اور دوسری
پوٹلی جب تک گرم ہو پھر اوس سے سینک کرے اسطور ایک گھنٹہ کامل عمل مین لاوے اگر اکیس تک
یہ سینک عمل مین آوے مرد کامل و مقوی ہوجاوے دیگر علاج یعنی طلا کہ معلم اور مجلوق کی ریش کو آبجات نکالے
کجی وغیرہ کو دور کرتا ہے اور خواہش نفس کو قوت دیتا ہے ایک بیگن جو درخت مین پختہ ہوکر رہ گیا ہو منگوا
لاوے اور اوسمین سات عدد پیپل چہوکر لٹکا دین جب بیگن خشک ہو جاوے آدہ سیر میٹھے تیل مین اوسکو
جوش دین جب تیل جوش مین آوے خراطین خشک سات تولہ اوسمین ڈال کر کھرل کرین اور
ایک شیشی مین رکھہ چھوڑین پندرہ روز تک ہر روز ایکماشہ عضو پر مالش کرکے برگ بالسو گرم
کے پتے اوس پر باندہین فضل خدا سے دو ہفتہ مین صحت حاصل ہوگی فقط باوجودیکہ
معالجے اس عارضہ کے چند نوع پر اور اکثر ہین لیکن یہ تراکیب مذکورہ کہ آزمودہ و بچشم دیدہ
تہین لکہنے مین آئین نسخہ ہاے بسیار تحریر کرنا ممکن نہو۔

فصل دوسری علاج مقوی تیاری عضو کیا بیان مین

واضح رہے ناظرین پر جیسا منیاے ہولہ مقدمہ طاقت مین کتنے وجوہات کمی ہبشی کے لاحق ہوتے ہین
یعنی چند وجوہون سے قوت عضو مین خلل آجاتا ہی اور چند چیزونکے استعمال سے قوت عضو زیادہ
و مستقیم ہوتی ہے لہذا ہیلے اجزا متفرق لکہے جاتے ہین اگر انسان تو تہین کچہ فتور دیکہی پاوے تو ایسے
اجزا و غذا کا استعمال عمل مین لاوے مثلاً نان گندم یا گوشت بز دنبک سنگ در روغن بادہ گاو و تخم
مادہ گاو و بیش فندقی تخم مرغ گوشت کبوتر و گوشت گنجشک خانگی و گوشت ہرن وغیرہ

خرگوش مغز سر ماہی تازہ پیاز سفید شکر سرخ سلیمانی مغز بادام و چلغوزہ و جوز ہندی و شہد سفید
کباب چینی عقرقرحا بہمن سرخ مشک زعفران انگوزہ خالص روغن تل سیاہ سنبل
جائفل لونگ الائچی آسگند بیخ موصلی اسپند سوختنی تخم کرفس تخم پیاز
تخم مولی تخم روسا ابریشم خام و پان بنگلہ مروارید ناسفتہ کشتہ طلا و نقرہ و ریگ ماہی وغیرہ
اور سوا اسکے کتنی ادویات کم قیمت و بیش بہا بموجب ترکیب وجہ تخل کے ترکیب اشتغال کرنا چاہیے

نسخہ جات قوت و تیاری عضوین نسخہ واسطے قوت کے لاثانی و لاجواب ہے مشک خالص چار رتی
زعفران چار رتی باقی مفصلہ ذیل ہر ایک پانچ پانچ انگ یعنی اڑہائی ماشہ قرنفل عقرقرحا الائچی سفید
مصطگی رومی جاوتری موصلی سیاہ چوب چینی اجواین خراسانی بیخ بنفشہ بیج بل من مست
بالنگلی گوکہرو تخم کوانچ اسپند سوختنی مرچ سیاہ پیپل سمندر پہین تخم اوٹنگن تج چہتاور منڈی تخم
زردک اندر جو بریان موچرس سونٹہہ سب ادویہ کو موافق وزن کوٹکے لیکر کوفتہ بیختہ کرکے اوسکو
قند سیاہ سہ سالہ مین بقدر جائفل گولیان بناوے اور ایک گولی وقت خواب کے رات کو کہا لیوے پہر
کچہہ نہ کہاے مگر شیر مادہ گاو اور پان حسب قدر تناول کرے بہتر ہے بعد ایک ہفتہ کے قوت کا تماشا
دیکہو دیگر کہ نہایت مقوی ہے لاوے پارہ دس ماشہ ورق نقرہ گیارہ ماشہ ان دونونکو عرق بنگرہ
سیاہ مین ڈیڑہ پہر کامل کہرل کرے بعدہٗ آٹے مین ملا کر گولی باندہے اور ایک تیتر نر کو اکیلا
رات بہوکہا بند رکہے اور وقت شام کو وہ گولی طائر مذکور کو کہلاوے اور تمام رات اوسی بند
رکہین صبح کو ذبح کرکے صاف کرین پہر اوسکو مع پوست بمصالحہ پکا کر روغن مادہ گاو مین بریان
کرکے نان گندم کے ساتھ کہلا دین تین روز کے عمل مین تمام عمر کو قوت کافی ہوگی اور اگر
مزاج کے موافق بہت گرمی نہ ثابت ہو ایک ہفتہ استعمال مین لاوین نہایت مجرب ہے اور آزمودہ ہے
دیگر اس نسخہ مین یہ تعریف ہے کہ انجماد اور زیادتی تخم اور رغبت افزونی نہایت ظہور مین لاتا ہے

صفت گوکہرو کلان گوکہرو خورد چڑیا قند کامراج موصلی سفید موصلی سیاہ ستاور
موصلہ سنبل تالمکہانا پہول مکہانا آسگند ناگوری بیج بند ستت گلوے تودری سفید
تودری سرخ الائچی کلان بیج فلی تخم کوانچ ہر ایک دو دو تولہ بہمن سفید و سرخ رومی مصطگی
شقاقل مصری ثعلب مصری اوٹنگن سرداری تودہ میر بیج بل تخم تر ہندی طباشیر کبود الائچی خورد

تخم تبولہ بہدانہ بریان ہر ایک تولہ بہر گوند ببول نیم یاو گری بادام و پستہ و خرما و کشمش ہر ایک چھٹانک بہر
اور برابر وزن ادویہ کے روغن مادہ گاو کہ قریب اڑہائی پاو کی ہو اور شکر سفید عمدہ دو چند روغن
زرد سے کہ سوا سیر ہو لیکر رکہی اور جس اجزا پر کہ نشان مد ہے اونکو روغن زرد مین بریان کر کر اور
جس دوا پر نہین ہے جدا اور اجزا نشان دار کو جدا باریک پیسکر مخلوط کر دی اور شکر مذکور کا قوام کر کر
اس جملہ سفوف ساختہ کو اوسمین آمیز کرے اور ہموزن دو تولہ کے لڈو بنا کر رکھ چھوڑے اور ایک
لڈو ہر روز نہار کہائے پہر قوت کا تماشا دیکہے اور تیل اور گڑ اور سرد او مضر چیزون سے پرہیز کرے دیگر
لادی بیج کنیر سفید ایک آثار سایہ مین خشک کر کر اور دستہ آہنی مین کوٹ جبکہ کوٹتے کوٹتے مثل میدہ کی
باریک ہو جاوے تب لیوے بعدہ پانچ سیر شیر مادہ گاو جوش کرے جبکہ تین سیر دودہ باقی
رہے سفوف مذکور اوسمین چہوڑ کر پہر جوش دے کہ چہارم دودہ اور بہی جلجاوے
باقی دودہ کو مثل جغرات کے منجمد کرے روز دوم اوسمین سے بترکیب معروف
روغن نکالے اور یہ ادویہ مفصلہ ذیل باریک کر کے اوسمین داخل کر ادویہ یہ ہین
میدہ لکڑی تج جاوتری زعفران تخم الائچی سفید سرمہ سا کر کے اوسی روغن مین ایکذات
کری اور صبح وشام ہمراہ پان بنگلہ کی تناول کرے اور اگر مجامعت منظور ہو ایک گہڑی پیشتر سے
دو رتی عضو خاص پر طلا کر کے سکہلا ڈالے بعد ازان مصروف جماع ہو لیکن اگر اکیس روز
اس دوا کو کرے اور صحبت سے پرہیز رکہو زیادہ فائدہ ہوگا دیگر نسخہ سلطان ابراہیم
بلخی کا کہ امتحان مین آیا لکھا گیا **صفت** دار چینی کباب چینی عقرقرحا خولنجان سونٹھ
قرنفل جائفل آفیون ہر ایک تین درم مشک دو درم یکجا باریک کر کے پارچہ بیز کری اور شہد خالص
مین گولیان باندہ کر رکھ چھوڑے وقت حاجت کی ایک گولی بنگلہ پان کی ساتھ کھاوے اور تہوڑا لعاب اسکا
عضو پر مالش کرے پہر قوت کی کیفیت دیکہی علاوہ اسکے لذت بہی اسقدر ہوگی کہ فاعل و مفعول دونون
بیہوش ہو جاوینگی دیگر عرق پیاز سفید کا نکالی اور اوسمین دوچند شہد ملا کر جوش دے جبکہ عرق
پیاز جلجاوے اور وزن شہد باقی رہے سرد کر کے ایک شیشی مین رکہ چہوڑے شب کو
وقت خواب کے دو تولہ نوش فرماوے بعد ایک ہفتہ کے خواہش نفس
نہایت واقع ہوگی اور مضر چیزون سے ایکہفتہ پرہیز رکہے علی ہذا القیاس عرق

مذکور کو بجاے شہد کے شیر مادہ گاؤ مین بہی جوش دیوین تو بہی وہی خواص رکھتا ہے **دیگر** اگر خون بہہ روغن مادہ گاؤ مین گرم کرکے عضو پر مالش کرین بعد چند ساعت کے طاقت کرنے طیاری اور رغبت نہایت عاید ہوگی مگر یہ نسخہ اوس شخصکو لازم ہین کہ کچہہ طاقت اصلی بہی رکھتا ہو **دیگر نسخہ منظوم** زر ابریشم یکدرم ہرکس کہ ہر روز + کند معراض و با شہدش چہ چندان + بیامیزد بیاشامد دلش را + فرح بخشد شود خوشحال و خندان + توانا گردد و قوت کند زور + شود چیزیکہ دانی ہمچو سندان + **دیگر** حلواے تقویت کہ بدنکو فربہ کرے اور تخم زیادہ ہو قوت ظہور مین آئے مجوزہ حکیم ارسطاطالیس شیر مادہ گاؤ یکمن ظرف مین جوش کرین جبکہ چہارم باقی رہے روغن مادہ گاؤ آٹھوان حصہ دودہ کا اوسمین شامل کرے اور جوش دین جبکہ دودہ مثل کہوئے کی ہوجاوے مغز چلغوزہ و مغز بادام و مغز پستہ و مغز خرما و مغز جائفل ہر یک پیسکر اوس کہوئے مین آمیز کرین جبکہ یکذات ہوجاوے تو اوسمین زعفران اور دارچینی و لونگ و مشک ہر ایک ایک درم اور تہوڑا کافور ملا کر کفچہ سے گہوٹ ڈالے اور کسی ظرف چینی مین رکھ چہوڑے خوراک پانچدرم صبح اور شام اگر چند روز عمل مین لائے مطابق تحریر تعریف بالا کے حال اپنا معاینہ کرے **دیگر** کہ قوت زیادہ ہو اور بہوک بہی غالب آئے پیپل ایک چہٹانک تج چہہ ماشہ الایچی سفید مع پوست چہہ ماشہ مصری پاؤ سیر شہد خالص آدہ سیر سونٹہ دانہ الایچی کلان مرچ سیاہ لونگ ہر ایک ۶ ماشہ روغن زرد چاردام شیر مادہ گاؤ ایک سیر پہلے پیپل مذکور دودہ مین ڈالکر جوش کرین جسوقت کہ مانند کہوئے کے ہوجاوے روغن زرد اوسمین چہوڑ کر بریان کرین اور مصری و شہد مطابق وزن مذکور کے ڈالکر چاشنی بنائی اور اوسمین کہوئے بدستور چہوڑ کر آمیز کردے بعدہ تمام ادویہ مذکورہ باریک کرکے اوسمین ملادے اور کف مال دیکر کسی ظرف معقول مین لڈو بنا کر خواہ اسیطرح رکھہ چہوڑے اور خوراک دو پیسہ بہر عمل مین لاوے جوانمرد ہوجاوے **دیگر** سہل ترکیب لادے پیپل دراز آدہ سیر اور شیر مادہ گاؤ ایک سیر پیپل کو دودہ مین ڈالکر جوش کرین جبکہ بالکل شیر جذب ہوجاوے پیپل کو سایہ مین خشک کرین اور باریک پیسکر اوسمین مصری ہموزن ملا کر رکھہ چہوڑے ہر روز پانچدرم نہار تناول کرے اگر ہمراہ شیر مادہ گاؤ کے کہاوے زیادہ بہتر ہے پہر ایک ہفتہ کے بعد قوت کا تماشا دیکھے **دیگر** واسطے انجماد تخم کے عاقرقرحا بسباسہ موصلی سفید تخم اوٹنگن اجمود کباب چینی کلونجی سورنجان شیرین

ثعلب مصری شقاقل مصری تخم کتان ستاور توالکہیر دانہ الائچی سفید طباشیر کنبودیہ کل اجزا
ہموزن ایک ایک تولہ لیکر سائیدہ کرکے پارچہ بیز کرین اور برابر ادویہ کی شکر خام ملاکر ہر صبح ایکتولہ
ہمراہ شیر مادہ گاو کے تناول فرماوین انشاء اللہ یکہفتہ مین صورت انجماد کامل نظر آئے گی اور قوت بھی
طلوع مین آئیگی **ایضاً** درخت ڈہاک کی چھال مع گوند درخت گولر کی چھال اور گوند سینبل کا موصلہ
مع گوند مولسری کی چھال نخود بریان گوند ببول سب مساوی الوزن لیکر سفوف بنائیں و ہمراہ
شیر مادہ گاو کی بدبعۂ لاجاری آب تازہ کے ساتھہ صبح کیوقت نوش کرین نہایت مفید اور
منجمد تخم ہے **دیگر** مقوی نکہیکنی موصلی سیاہ ستاور تخم کوانچ اوٹنگن پوست بیخ اونٹ
کتارہ مال کنگنی قند سیاہ دیرینہ کوٹ چہان کر شیرۂ ادرک مین جنگلی بیر کی برابر گولیان بنا ہر روز
ایک گولی بعد دم کے ساتھہ کہائے ترشی وبادی صحبت وغیرہ سے ایکہفتہ پرہیز کرے **دیگر** چینی کی دال
مقشر دو تولہ پانی مین بہگو کر سونٹھ ایکماشہ تخم خشخاش سفید یکماشہ سائیدہ کرکے اور شہد مین ملاکر ہر روز
صبحکو کہائے قوت نہایت ہوگی **دیگر** تخم کوانچ پوست سنبل تخم اوٹنگن تخم ہلیل تمہند سوکہ اسپند
ہر ایک پانچماشہ افیون چار ماشہ سب ادویہ کوٹ چہانکر گولیان بنائیں اور ہر صبح و شام ایک گولی کہائیں
کمال مفید ہے **ایضاً** سمندر سوکہ تالمکہانا تخم ریحان ہر ایک پانچدرم کوٹ چہانکر سفوف بنائیں اور آدہ درم ہر صبح
نہار کہائیں انجماد کیواسطے عجیب لا شئ ہے **دیگر** آرند کی کوپل آدہ پاؤ گوشت آدہ سیر مین دو پیازہ پکا کر ایکہفتہ
کہائے قوت عظیم طلوع مین آئے اور کالا دانہ بہی ہمراہ بنگلہ پان کر کہانا مقوی ہے **دیگر** سنگہاڑہ
اور شکر سفید کا حلوا تخم مرد کو گاڑہا کرتا ہے مثلاً سنگہاڑہ یا شکر قند تازہ خشک کرکے پیسڈالیں اور شکر
اور گہی مین حلوا بنا کر کہائین نہایت طاقت ور و مفید ہے اور گاجر کا حلوا بہی اس بارہ مین کمال فائدہ مند
ہے **دیگر** نکہیکنی اور ادرک ہموزن سائیدہ کرکے دو درم ہمراہ شیر مادہ گاو کے نہار کہائے
قوت نفس جوش مین آئے **دیگر** دودہی دانہ دار پاؤ آثار تخم حنا پاؤ آثار لونگ پہول اتیس عدد
جا بلفل چار عدد شیر مادہ گاو دو نیم آثار یہ کل اجزا مثل ہریسہ کی باریک کرکے دودہ کو جوش دے
جبکہ نیم پخت ہو سفوف ادویہ موصوف اوسمین چہوڑ کر کفچہ مارے اور آنچ پر بلذات کر کے جب خوب
گداز ہو جائے ہمرنگ کے ظرف چینی مین رکہہ چہوڑے اور اکثیں خوراک کر کے علی الصباح ایک ایک
خوراک کہایا کرے اور مدت دو ہفتہ تک صحبت سے دور رہے اور اشیاء مضر سے پرہیز رکہے انشاء اللہ

سست آدمی طاقت دار ہو جاوی بے پرہیز شرط ہے دیگر تخم گاجر اجوائین سوختہ زعفران
ہر ایک دس درم بیخ اجمود پانچ درم مصطگی دو درم عود خام دو درم عاقرقرحا ایکدرم بسفایج ایکدرم
پیس چہانکر برابر اجزا کی شہد ملا کر ہر روز پانچ ماشہ کہای نہایت مقوی مجرب ہی دیگر از حکیم محمد جعفر صاحب
تکہیان بند بیج بند تخم اونٹنگن تخم سروالی گوکہرو تندڑ ہاک سنگہاڑہ ہر ایک پیسہ بہر پیس چہانکر اور مصری
ملا کر ہمراہ آدہ سیر دودہ گای کی خوراک چہہ ماشہ عمل مین لائی قوت بہت ہوگی دیگر بہولہ روئی کا ایک چہٹانک
صندل سرخ و سفید تبرج کلیجن سلاجیت کافور ببیل سونٹھہ ہر دو دو پیسہ بہر
مرچ سیاہ پیسہ بہر روغن مادہ گاو شہد خالص مصری ہر ایک پاو آثار سب ادویہ
چہان کر مخلوط کر کے دو پیسے بہر چند روز کہائین قوت کا تماشا دیکہین فقط
واضح ہو کہ علاج قوت کے بہت ہین اور اکثر امتحان مین آئے لیکن سہل نسخہ
شیر مادہ گاو کا تقویت کیواسطے مجرب ہے اکثر حکمانے بہی لکہا ہے کہ اگر صرف
دودہ نہار منہ نوش کیا کرے بغایت مفید و سہی ہے بلکہ قدری سونٹھہ باریک کر کی ایک
کف دست تناول کرین اور شکر چہوڑ کر اوپر اوسکی دودہ نوش کرین طاقت کو بہت مفید کریگا
اور بعد صحبت کی قدرے شیر شکر آمیز پی لیا کرین کبہی قوت کم نہوگی بلکہ زیادہ ہوگی اور زیادتی تخم کا
باعث ہی دیگر واسطی تیاری عضو کی لاو پوست انار سرون کی تیل مین جوش کری جبکہ پوست مذکور
روغن مین گداز ہو جاوے سرد کر کے روغن کو عضو پر مالش کرے یقین کامل ہے کہ ایک ہفتہ کی عمل مین
طیار دراز ہوگا اور اگر عورت اپنی چہاتی پر مالش کرے نہایت سخت ہو جاوگی **ایضاً**
مرچ سیاہ گیارہ عدد لونگ تیرہ عدد کافور بہیم سینی ایک ماشہ پیسکر لیپ کرے عضو
سخت ہو جای **ایضاً** اسگندہ ناگوری سونٹھہ موصلی سیاہ ہر ایک برابر پیس چہانکر
ایک ایک کف دست ہمراہ دودہ گای کے صبح و شام کہاے سخت ہو جاوے **ایضاً** اگر
پارہ زعفران کافور ہموزن ببول خرمین باریک سائیدہ کر کے تین روز لیپ کری سختی عضو مین ہو

فصل تیسری بیان طاقت کی ٹہرنے مین

واضح ہو کہ سرعت سستی کتنی وجہون سی عائد حال ہوتی ہے جیسا کہ گرمی

مزاج یا زیادتی اور جوش تخم سے کہ عرصہ تک عورت سے صحبت پذیر نہوا ہو یا کہ بر حبیت کمال
کسی معشوق سے جفت ہو اور فساد تخم وغیرہ سے بھی سرعت انزال واقع ہوتی ہے
اگر کچھ فساد منی سے ہو علاج اوسکا طلسم قوت باہ مین مندرج ہے چاہیے کہ اوسپر
عمل کرے ورنہ ارباب شائقین کو مناسب ہے کہ جماع کرنے کے وقت اطراف میں مصروف
مضامین بلکہ اور باتونکا خیال دلمین لائین اور جب معلوم ہو کہ انزال قریب ہے اور نکلا چاہتا ہے
حرکت سے باز رہکر ٹھہر جائین بعد لمحہ کے پھر مشغول ہون یہی رعایت انزال کیوقت ملحوظ رکھین
دیگر نسخہ امساک مجرب اور آزمودہ ہے لاوی اجوائن پانچ ماشہ مغز تخم کدو ۱۶ ماشہ اسپند ۹ ماشہ بھنگ
۵ ماشہ جھوا؟ خشخاش سات ماشہ افیون تین ماشہ زعفران چار رتی دانہ الائچی ایک ماشہ پوست خشخاش ۶ عدد
یہ ادویہ اوسی پانی مین جوش دین کہ پوست خشخاش بھگویا ہو گوندہ کر جنگلی بیر کی برابر گولیان بنائیں بوقت
حاجت کے ایک گولی گھڑی بھر پیشتر جماع سے تناول فرمائین اگر کچھ گرمی مزاج مین معلوم ہو تخم تربز
دو تخم کاہو خرفہ نوش کرین اور دوسری بار خوراک نصف گولی عمل مین لائین دیگر اسمین یہ لطف ہے کہ
بعد افیون امساک کثیر واقع ہوتا ہے صفت عاقرقرحا ایکدرم تخم ریحان آٹھ درم قند
سفید نو درم کوٹ چھانکر گولیان بنائین اور ایکدرم کھائین جب تک کہ عرق لیمون نہ پئین گے
انزال نہوگا دیگر برگ تلسی سیاہ رنگ کی اوسمین ۶ ماشہ پارہ ملا کر پتی کو مثل مہندی کے دونو
کف دست مین ملین تمام جذب ہو جائیگا اور جبتک کہ گرم پانی سے ہاتھ نہ دہوئیگا انزال نہوگا دیگر
خشخاش اسپند بریان فلفل گرد کہرو و کپڑا سوختہ کل دوا سبکو برابر روغن لیکر کوفتہ بیختہ اور بارہ عدد
ڈالکر جس پانی مین کہ خشخاش ڈالکر بہگویا ہے بنائین اور چار گھڑی قبل از جماع ایکگولی کہائین اور اوسپر تھوڑے
پیالہ بہر دودہ نوش کرین امساک کامل ہوگا دیگر کہ امساک نہایت و باہ بغایت ظہور مین لاتی ہے صفت
جائفل ایکعدد تخم دہتورہ اجوائن خراسانی ہموزن جائفل کے عدد اعداد انکو کوب کر کے ایک کپڑے مین
پوٹلی باندہین بعدہ ایک آثار شیر مادہ گاو مین جوش کرین جبکہ دودہ نصف رہجاوے پوٹلی دور کرکے
دودہ پی لیوین جبکہ سرد معلوم ہو تر دیکی کرین اور جب منزل ہونا چاہے تھوڑی سی ترشی کہا لیں تب
انزال ہوگا دیگر از حکیم رضا حسین اجوائن خراسانی کالا دانہ کلونجی سیماب تخم دہتورہ
کا بجا جستہ ریتونگی عاقرقرحا برگ دہتورہ ہر ایک چار ماشہ بہنگ دو تولہ

عرق پھٹکری آدہ پاؤ پھر ایک چیز باریک پیس چھانکر دونون عرق مذکور مین آمیز کرکے بمقدار نخود گولیان بنائے
اور ایک گھنٹہ پیشتر از مباشرت ایک گولی ہمراہ شیر بادہ گاؤ کہائے امساک اسقدر ہوگا کہ بیان
سے باہر ہے دیگر اگر خصیۂ خرگوش مین سوراخ کرکے کمر مین باندہے باین صفت موصوف ہے کہ
جبتک انثیین مذکور کو کمر سے دور نکرے انزال موقوف رہے دیگر بہتر یہ امساک ہے
صفت لادے جائفل اور اندرون اوسکا خالی کرکے قدرے افیون اوسمین رکہدے اور جو
برادہ کہ وقت صاف کرنیکے جائفل سے نکلا ہے اوس سے دہن اوسکا بند کرکے مستحکم
کرے بعدہ دہتورہ سیاہ اسیطرح صاف کرکے وہ جائفل اوس دہتورہ مین رکہے اور اوسکی
سفوف اندرونی سے دہن بند کرے ازان بعد دہتورہ کو کہ اوسمین جائفل درمیان بیگن کے
شکم اوسکا بہی صاف کرکے اوسمین داخل کرے اور جو اجزا کہ اندرون بیگن سے نکلا ہے
اوسی سے دہن بیگن کا بند کرکے گل حکمت کردے اور اوس بیگن کو گلخن یعنی بہاڑ
مین ڈالدے یا کہین سوبہل مین کہ چار پہر تک نرم آنچ مین پختہ ہو بعدہ نکالکر بادنجان
وہ دہتورہ وغیرہ پہینک دے اور جائفل کو پیس کر رکہہ چہوڑے وقت حاجت کے دو رتی
یا جسقدر کہ موافقت کرے پان بنگلہ مین کہائے پہر امساک باہ کا تماشا دیکہے آزمودہ خود ہے
دیگر کہ نادر و نایاب ہے عرق برگ حرفہ ریوڑہی نمک اور شنگرف سائیدہ کرکے اوسمین آمیز کرے اور کف دست
یعنی ہتہیلی پر ملے اور مشغول جماع ہو جبتک کہ ہتہیلی کو آگ پر گرم نکرینگے انزال ہرگز نہوگا دیگر عرق برگ
دہتورہ سیاہ نکالکر دونون تلوون پر لگالین جب خشک ہوجاے مباشرت کرین نہایت مجرب ہے
دیگر کہ عجیب وغریب ہے بیر بہوٹی ایک دام روغن تل سیاہ پانچدرم لیکر بیر بہوٹی کو روغن
مذکور مین سوختہ کرین مجامعت سے دو گہڑی پیشتر دونو کف پا کے پیر کی اونگلیان چہوڑکر
لگاکے خشک کرین اور بعد دو گہڑی کے مشغول جماع ہون تا وقتیکہ پانون دہوے
نخاب نکیے انزال نہوگا دیگر کچلہ کو شراب دو آتشہ مین سائیدہ کرکے دونون ہاتہہ کے
ناخونون پر گاڑہا گاڑہا ضماد کرین اور بعد خشک ہونے کے صحبت کرین امساک بہت
ہوگا دیگر افیون و پارہ و تخم دہتورہ و بہنگ مساوی الوزن لے اور پیس چہانکر شہد مین
وقت حاجت کے برابر نخود کے تناول کرے امساک بہت ہوگا دیگر لونگ جائفل پیپل

زعفران مصطکی کبابہ دارچینی سونٹھہ ہر ایک دو درم کافور ایکدرم سب پیس چہانکر زود چند شہد مین ملائین اور وقت حاجت کے بعد نخود تناول فرمائین دیگر شیر ستوہر اور شیر گاے دونون برابر لیکر تمام دن دہوپ مین رکہین شکو نلو ذمین ملین جب خشک ہوجاے بعد دو گہڑی کے جماع کرین امساک خوب ہوگا دیگر جائفل زعفران عقرقرحا مشک جاوتری لونگ دارچینی کالادانہ اجوائن خراسانی افیون ہر ایک تین ماشہ کوفتہ بیختہ اور بارچہ بیز کر کے مخلوط کرکے اور برابر نخود کے حبوب بنائے بعد طعام اور دو گھڑی اول از جماع ایک گولی کہاے کمال ہے دیگر افیون اسپند مغز مین پہل الائچی سفید لونگ ہر ایک ۶ ماشہ باریک پیسکر اور لیمون کاغذی مین پیوست کرے جبکہ وہ لیمون خشک ہوجاے وقت حاجت کے دو ماشہ اوس لیمون سے کہاوے امساک بہت ہوگا دیگر شنگرف موچرس افیون چار ماشہ سہاگہ ایک ماشہ پیسکر سیاہ مرچ برابر گولیان بناے ایک گولی گہڑی بہر پہلے کہاکر مباشرت کرے امساک کامل ہوگا دیگر جدوار خطائی دو مثقال مصطکی رومی چار مثقال تخم گزرش پیسکر عرق گلاب مین بمقدار ناخود حبوب بناے وقت مجامعت کے ایک گولی کہاے نہایت ممسک ہے دیگر اونٹ کٹارہ کی جڑ ۱۲ ماشہ سونٹھہ دہتما ہیر پیا اور تخم زنگی وافیون ہر ایک ماشہ بہر کوٹ چہانکر عرق ادرک مین بعد اکل قرص کے جماع سے دو گہڑی پیشتر ایک گولی کہائین جب تک کہ تہہ نہ کہائینگے انزال نہوگا مجرب ہے

فصل چوتھی نسخہ جات ملذذ اور منزل و فریفتہ کرنے مین

واضح ہو اے ناظرین صحبت آرای ہو کہ لذت مباشرت بموجب لکھنے کتاب کے کہ بدون علاج و معالجہ صرف حرکات مساس اعضاے عورت منزل اور فریفتہ ہوجاتی ہے مگر چونکہ وہ حرکات و مساس ظاہری اکثر مثل نسخہ جات ملذذ کے چند کتابون مین مرج ہین ذریہ نسخہ جات لذت باطنی کے جسقدر کہ امتحان مین آئے تحریر کیے ہین نسخہ ملذذ رومی مصطکی تخم اوٹنگن ہر ایک پانچ درم زعفران وسونٹھہ و مشک وعود خالص ہر ایک ایک درم جملہ پیس چہانکر شہد مین بوزن نیم درم گولیان بنائین اور ایک گولی مجامعت سے پہلے کہسکر قضیب پر طلا کرین لذت اسقدر حاصل ہوگی کہ عورت فریفتہ ہوجائیگی دیگر از مجربات حکیم افتاب علی کہ اگر گولی بناکر منہ مین رکہلے اور جماع

تو امساک اور باہ بھی خوب ہوگی اور اگر قضیب پر طلا کرے عورت و مرد دونون لذت
پانے سے بیہوش ہو جاینگے **صفت** عقرقرحا سوختہ دارچینی کبابہ ہموزن لیکر باریک
کرے اور قدرے گوند ببول گلاب مین گھسکر ادویہ مذکورہ اوسمین آمیز کرے اور گولیان بنا کر
رکھ چھوڑے وقت حاجت کے کام مین لائے بہت خوب ہے دیگر الائچی سفید جائفل لونگ
دارچینی ہر ایک تین درم سپاری دس درم صندل سفید ایکدانگ مشک ایکدانگ ہمکوفتہ کرکے
گلاب مین ملاکر گولیان تیار رکھین اور وقت ضرورت کے ایک گولی منہ مین رکھلین لعاب اوسکا پیتے
جائین اور ایک گولی گھسکر طلا کرین بو دہن خوشبودار اور لذت و طاقت بہت آئیگی دیگر اگر خون
کبوتر اور لاہوری نمک بوزن موافق شہد مین ملاکر طلا کرین اور بعد ایک ساعت کے ہم صحبت ہون
عورت فی الفور فارغ ہو جائیگی دیگر اگر کالا دانہ باریک کرکے شہد مین ملائے اور عضو پر طلا کرکے
بعد خشک ہونیکے صحبت کرے جلد فارغ ہو جائے دیگر اگر خون خرگوش مع قدرے مشک و
زعفران و قدرے عقرقرحا ایکذات کرکے ہنگام صحبت کے تھوڑا سوراخ عضو مین
اور طلا کرین بعد خشک ہونے کے مشغول صحبت ہون فاعل و مفعول کمال لذت سے
بیہوش ہو جائینگے دیگر اگر خون بزنر کا ذکر پر ملے اور جب خشک ہو جائے جماع کرے لذت
بہت پائے دیگر دارچینی گلاب مین سائیدہ کرکے طلا کرے نہایت ملذذ ہے دیگر عقرقرحا
سنگی برابر پیسکر شہد مین ملائے اور ایک ساعت پہلے سے طلا کرے بعد تھوڑی دیر کے
صاف کرکے مصروف جماع ہو لذت بنہایت سے کامیاب ہو دیگر دل بط خشک کرکے شہد کے
ساتھ کھائے اور قدرے عضو پر لگا کر سکھلائے پھر جس عورت سے نزدیکی کرے شیفتہ
ہو جائے اور طاقت بھی خوب ہو دیگر مرچ سیاہ ایکدانہ ہمراہ صندل کے گھسکر عضو پر طلا
کرے لذت بہت حاصل ہوگی دیگر اسپند سوختنی باریک پیسکر شہد مین ملائے اور
طلا کرے لذت مباشرت سے ذوق یاب ہو دیگر پچال یعنی بیٹ کبوتر کی اور لاہوری نمک
برابر آس کرکے شہد مین آمیز کرکے قضیب پر طلا کرے اور بعد خشک ہونیکی مجامعت کرے عورت
و مرد دونون لذت سے شادکام ہون دیگر جس عورت سے کہ قصد مباشرت ہو اوسکی سر کی بال
[illegible] سہ شنبہ کو جلا کر خاک کرے اور شہد مین ممزوج کرکے عضو پر طلا کرے بعد خشک

ہونیکے معروف صحبت ہو لذت بجایت سے عورت فریفتہ ہو جائیگی دیگر کافور ایک حصہ جونہ
دو حصہ باہم مخلوط کرکے پان مین عورت کو کھلاوے بعد ایک گھڑی کی صحبت کرے عورت جلد
فارغ ہو دیگر اگر لاہوری نمک باریک پیسکر شہد اور روغن مین ملائے اور شرمگاہ زن مین
لگائے بکارت دور ہو اندام کشادہ اور عمیق ہو جاوے دیگر اگر کافور ایکدام سہاگہ نیم درام
بریان کرکے برگ تنبول مین تین روز عورت کو کھلاوے خواہش نفس بالکل زائل ہو جاوے
دیگر واسطے تنگی شرمگاہ مین مجرب ہے صفت بیر بہوٹی روغن بادہ گاو مین حل کرکے
ایک ہفتہ یا کم اندام نہانی مین لیپ کرے نہایت تنگ ہو جاوے اور اسپند یعنی ابر مردہ
بھی شرمگاہ مین رکھنی سے بہت تنگ ہو جاتی ہے دیگر اگر فندق ہسی ایک گھڑی پیش از جماع
اندام نہانی مین لگاوے وقت صحبت کی تنگی ظہور مین آوی دیگر اگر شیر بادہ گاو کہ پہلی بار کا ہو اور اوس
دودھ کو پیس کنی مین پارچہ سفید اوس مین تر کرکے اور خشک کرکے رکھ چھوڑے وقت حاجت کے
قدری اوس سے تر تا شکر شرمگاہ مین حمول کرے اسقدر کہ پارچہ تر ہو جاوے عند الجماع کپڑا دور
کرکے صحبت کرے عورت باکرہ ہو جائیگی مجرب ہے دیگر کافور و ماجو پھل شہد مین حل
کرکے شرمگاہ پر طلا کرے بکر ہو جاوے دیگر واسطے اسقاط حمل کے اگر شورہ قلمی نیم درام
ایک ہفتہ نہار کھاوے حمل زائل ہو جاوے دیگر کنگچی سفید پانی مین سائیدہ کرکے نہار
نوش کرے اسقاط حمل ہو جاوے مجرب ہے دیگر تل سیاہ ایک شب پانی مین تر رکھی
اور صبح وہ پانی پیوے اسقاط حمل ہو جاوے اور اس بارہ مین مسہل بھی اکسیر ہے
دیگر اگر عورت پوست مار سیاہ کی دھونی اندام نہانی مین لے حمل ساقط ہو جاتا ہے فقط

خواص تتہ پاہی یعنی تار بخہای ہندی کہ جسکو اہل ہند تتہ کہتی ہین ایک سیاہ [illegible]
قرار دیتی ہین ایک سپیدی کہ جسکا نام کرشن [illegible] ہے اور اوسکے بچہ کا نام سنگل [illegible]
اور تار نجون مین جسیم رہتا نہین ہے ہر جگہ معلوم [illegible]
اگر [illegible] کہے [illegible]
نقشہ اوسکا ذیل مین درج ہے

نقشہ دریافت خواص تہتھ ہای ہندی

نام تہتھ [illegible]	خواص	حرکت [illegible]	نام تہتھ [illegible]	خواص	حرکت [illegible]
پڑوا ١	سب کام کو نیک ہے مگر سفر نہ کیجئے	تہتھ پہلی [illegible] چیپ سر [illegible] بوسہ دے	پروا ١	بیدرجہ میانہ سعد ہے مگر سفر نہ کیجئے	پہلو میں جانب راست [illegible] مساس کرے
دوج ٢	نیک ہے قطع برید اور پوشاک و سفر کو	الف پای چپ [illegible] آہستہ کھجلاوے	دوج	سعد ہے قطع برید و پوشش و سفر کو	الف پای راست [illegible] مساس کرے
تیج ٣	نصف اول نیک ہے قطع برید اور سفر کو نصف آخر بسبب [illegible] خوب نہیں	چشم [illegible] بوسہ دے	تیج ٣	ایضاً	پیشانی چپ میں مساس کرے
چوتھ ٤	نحس ہے	لب بالا کو بوسہ دے	چوتھ ٤	سعد ہے مگر نصف تہتھ پہلی [illegible] پچھلا اسکے خوب نہیں	زانوی چپ [illegible] مساس کرے
پنچمی ٥	نیک ہے قطع برید اور پوشاک و سفر کو	رخسار راست [illegible] بوسہ دے	پنچمی ٥	سعد ہے قطع برید اور پوشش و سفر کو	ران چپ میں مساس کرے
چھٹھ ٦	بجز سفر سب کام کو نیک ہے	گردن جانب [illegible] بوسہ دے	چھٹھ	بجز سفر سب کاموں کو سعد ہے	[illegible] مساس کرے
سپتمی ٧	نصف اول بسبب بہدرا بہتر نہیں و نصف [illegible] بہتر ہے	زیر بغل [illegible] مساس کرے	سپتمی	نیک ہے قطع برید اور پوشش و سفر کو [illegible]	پستان چپ کے نیچے مساس کرے
اشٹمی ٨	بجز سفر اور سب کام کو نیک ہے	پستان راست کو [illegible]	اشٹمی ٨	نصف سعد اول [illegible] نصف آخر بجز سفر اور کاموں کو اچھی ہے	ایضاً [illegible] پستان راست
نومی ٩	سفر نہ کیجئے	زیر پستان [illegible] مساس کرے	نومی ٩	سفر نہ کیجئے	بغل [illegible] کھجلاوے
دسمی ١٠	نصف اول خوب ہے اور نصف آخر بسبب بہدرا بہتر نہیں	[illegible] مساس کرے	دسمی	نیک ہے قطع برید اور پوشش و سفر کو	گردن جانب چپ کھجلاوے
اکادسی ١١	نیک ہے قطع برید اور پوشش و سفر کو	زانوی راست [illegible] مساس کرے	اکادسی ١١	نصف اول [illegible] نصف آخر بسبب بہدرا بہتر نہیں	لب زیرین کو بوسہ دے
دوادسی ١٢	نیک ہے قطع برید اور پوشاک و سفر کو	[illegible] مساس کرے	دوادسی ١٢	نیک ہے قطع برید اور پوشاک کو	چشم چپ کو بوسہ دے
تردسی ١٣	نیک ہے قطع برید پوشاک و سفر کو	ناف [illegible] مساس کرے	تردسی ١٣	ایضاً	پیشانی [illegible] مساس کرے
چودس ١٤	[illegible] نصف [illegible] خوب نہیں	ناف [illegible] مساس کرے	چودس ١٤	ایضاً بجز سفر	ناف [illegible] مساس کرے
اماوس ١٥	[illegible]	[illegible]	پورنماسی	[illegible] نصف اول خوب [illegible] نصف آخر قطع برید [illegible]	[illegible] بوسہ دے

قطعہ تاریخ از طبع وقاد شاعر شیرین کلام منشی سیتارام مؤلف کتاب ہذا

کیا نسخۂ نو مطبوع ہوا دلچسپ و عجائب رشک فسون
مطبوع دل ارباب سخن منظور نگاہ اہل زمان
الہام ہوا یہ صادق کو لکھہ مصرع تاریخ فصلی
مجموعۂ اندرجال ہے یہ کیا دلکش اور طلسم جہان

تاریخ ترتیب کتاب ہذا طبع زاد مخزن شرافت و علمیت منشی شنکر دیال صاحب عرف

نسخہ یہ ہے نادر و مطبوع دل
خواب کی تعبیر بیان سفر

کیوں نہ پہڑ کا ئین سب اہل کمال
ذکر شگون اور ستارون کا حال
خامہ فرحت نے لکہا سال ختم

نسخہ یہی ہے خبر یہی ہے سحر بہی
نسخہ تو کیا مخزن دانش ہے یہ
دلکش و مرغوب کہا اندرجال
سمبت ۱۹۲۳

نسخہ یہی ہے شعبدہ بے مثال
حشم تصور ہے جو کیجے خیال

تاریخ تصنیف برادر صاحب مجمع فضائل و مباہات لالہ دوارکا ناتہہ صاحب متخلص بہ عشرت

نثر تصنیف بہائی سیتارام
رو ی ہجت سے کہدو اے عشرت الم

پڑہ کر شایق کو عالم عیش ہے
خوب یہ اندرجال دلکش ہے

۱۹۲۳ء

تاریخ تصنیف بقراط زمان جالینوس دوران حکمت آئین حکیم دیبی دین صاحب کایستہ او نایہ ساکن محبوب گنج

دیکہہ کر اوسکے جملہ سحر و فسون
لکہہ شفا دور کرکے فرق الم

کہتے ہین سب کہ بے مثال ہے یہ
مخزن سحر اندرجال ہے یہ

۱۹۲۳ء

قطعہ تاریخ منشی [illegible] پیال فرحت

ان دنون جوش ہے پر فصل بہار   جمع ہین بلبلیں ہزار ہزار
[illegible]ن مین سبزہ کی روشہ پامال   نخل ہے بوٹے سے بھی ہین نہال
ابکی بار ایسا فصل بہار ہے   رشک جنت ہر ایک گلزار ہے
جھمکتے جا بجا ہین مستون کے   غول ہر سو ہین مے پرستون کے
ایسے بدمست ہین گوشہ نشین   کون ہے جسکے دلمین عشق نہین
شوق ہے جسکو عیش کا ہر وقت ہے   رنگ رخ پر صبح کا فق ہے
عیش کی عشرت کی ہو نکلی تمیز   متقی مین [illegible] کی باتین ہین
ان خوشی کے دن آئے ہین یہان   حسب دلخواہ ہوتے ہین سامان
خشا انگیز ہے کتاب چھپی   چھپی ایسی کہ لکھوا چھپی
مہر پر نور آسمان سخن   گل شاداب بوستان سخن
جوش ہے بحر خوش بیانی ہے   قلزم طبع مین روانی ہے
شعبدے ہین عمل ہین اسم ہین   نقش ہین سحر ہین طلسم ہین
فنتر ہین منتر ہین افسون   ہین مفصل کیے بیان چگون
جس عمل کی خود آزمائش کی   اوسکی سطر جسمین نمائش کی
عمدہ مختصر کیا اسکو   سبکی مدنظر کیا اسکو
ہوئی اس انتخاب کی یہ دہوم   ہوا ہر سو ہی شائقون کا ہجوم
لیگئے ہاتھون ہاتھ نکتہ پسند   باقی مطبع مین ہین نسخے چند
اسکو [illegible] عاقل [illegible]   [illegible]

پہولا کبا گلکھلا رہے ہین گل تر   صورت مست جھوم مئے [illegible]
ہو رہا لالہ کے دل سے داغ ہوا   دل عنادل کا باغ باغ ہوا
ایسا کچھہ فصل گل کا جوش ہوا   پتا پتا ہی سبز پوش ہوا
شیخ و زاہد اتار کر تسبیح   جرعہ بادہ پی رہے ہین صبح
[illegible] گھٹا مین چلتی ہین   رندونکی پگڑیان اچھلتی ہین
ہے ہمین شیخ جی کی ہی جامہ   گیا اوچھلتا ہی سر کا عمامہ
دلمین کچھہ خوشی جو دلو [illegible] ہین   شوق تازہ نئی ترنگین ہین
بات کچھہ ایسی پیش آتی ہے   فرحت تازہ روح پاتی ہے
مترجم ہین جنکا ہے نام   نیر چرخ عزت و اکرام
گوہر تاج قوم اہل استعداد   سرو نوخیز باغ فیض آباد
تیزی عقل سے بنائی کتاب   ہے عمل [illegible] عمدہ و نایاب
گردش چرخ کا ہے سب اعمال   لکھیر ثابت ستارونکا احوال
آئے جو جو عمل مین سحر و عمل   لکھو ایسین بغیر خوف و خلل
جو جو باتین فضول تہین انکی   چشم ظاہر سے [illegible] انکی
جیتی ہی جیتی ہو گیا شہرہ   مشتری ٹہرے نیر و زہرہ
آئے سب شائقین بطلب کلام   بہیجو مطبع مین تا جلد نکلے پیام
جو ہو [illegible] فوائد عام   کچھہ بہتر ہین مختصر سے مدام
شائقین گر نہ اسکو لینگے شتاب   پھر ملیگا نہ نسخہ نایاب

تمام شد